اللھم صل علی محمد و آل محمد و عجل فرجھم

علی ولی اللہ

تحقیقِ حق

(جلد نمبر 1)

ولایتِ علیؑ ابنِ ابی طالبؑ

تالیف

محقق دوراں ظہور اختر خان روکھڑی (ایم اے)

ضلع میانوالی

ہدیہ

-/270 روپے

Cell: 0333-3360786

ولا يته علی ابن ابی طالب حضنی فمن دخل حضنی امن من عذابی.

''ولایت علی ابن ابی طالبؑ میرا قلعہ ہے۔ جو اِس میں داخل ہو گیا میرے عذاب سے امان پا گیا''۔ (کلیات حدیثِ قدسی)

علی ولی اللہ

تحقیقِ حق

(جلد نمبر 1)

ولایتِ علیؑ ابنِ ابی طالبؑ

تالیف

محقق دوراں ظہور اختر خان روکھڑی (ایم اے)

ضلع میانوالی

بقیۃ اللہ پبلیکیشنز گجرات

Cell: 0333-3360786

نام کتاب	ــــــ	تحقیقِ حق (جلداول)
تالیف	ــــــ	ظہوراختر خان روکھڑی (میانوالی)
اہتمام اشاعت	ــــــ	محمد عون عباس خان روکھڑی (میانوالی)
صفحات	ــــــ	240
سن اشاعت	ــــــ	جنوری 2014ء
ٹائٹل ڈیزائنگ	ــــــ	Murshad Graphics
کمپوزنگ	ــــــ	**Khushi Graphics**
ہدیہ	ــــــ	270 روپے
ناشر	ــــــ	بقیۃ اللہ پبلی کیشنز گجرات

ملنے کا پتہ

☆ افتخار بک ڈپو لاہور۔ القائم بک ڈپو چکوال۔ ☆ رحمت اللہ بک ایجنسی میٹھادر کراچی

☆ القائم بک ڈپو کربلا گامے شاہ لاہور۔ ☆ اسد بک ڈپو قدم گاہ مولا علیؑ حیدرآباد

☆ ضامن بک ڈپو کربلا گامے شاہ لاہور۔ ☆ محفوظ بک ڈپو مارٹن روڈ کراچی۔

☆ محسن چوہان بک ڈپو دربار بی بی پاک دامن لاہور۔

☆ العباس کتب لائبریری روکھڑی ضلع میانوالی۔

☆ بخاری بک ڈپو کروڑ لعل عیسن **0306-8668516**

فہرست

نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ

عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ

هَمٍّ وَغَمٍّ سَيَنْجَلِي بِعَلِيٍّ بِعَلِيٍّ بِعَلِيٍّ

ضروری اعلان

"یہ کتاب صرف اور صرف اُن لوگوں کے لئے ہے جنکا تعلق مذہب شیعہ خیر البریہ امامیہ اثنا عشریہ سے ہے دوسرے مذاہب کے لئے حجت نہیں۔"

مسلم رہے گا لاکھ نمازیں قضا سہی
کافر ہے جو نمازِ ولایت قضا کرے

زیر سرپرستی

مخدوم سید محمد مرتجز بخاری

سجادہ نشین آستانہ عالیہ بلوٹ شریف ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خان

سگِ درِ باب مدینتہ العلم

ظہور اختر خان روکھڑی، ایم۔اے

وِلایت علیؑ

سرکارِ ختمی مرتبت حضرت محمد مصطفیٰؐ کی رحلت کے بعد سب سے پہلی ضرب وِلایت علیؑ اِبن ابی طالبؑ پر لگائی گئی اور اِس کا اِنکار کیا گیا اور یہی اِنکار آلِ نبیؐ کی ساری مظلومیت اور مصائب کی بنیاد بنا۔

اگر رسول اکرمؐ کے بعد وِلایت علیؑ کو تسلیم کر لیا جاتا تو نہ مسجدِ کوفہ میں امیرالمومنینؑ علیؑ اِبن ابی طالبؑ کو ضرب لگتی،

اور نہ ہی درِ پاک بی بی فاطمۃ الزہراؑ بنتِ رسولؐ جلتا۔

نہ مولا اِمام حسنؑ کے جنازہ پر تیر چلتے

نہ کربلا آلِ نبیؐ کے خون سے رنگین ہوتی اور نہ کوفہ و شام کے بازاروں میں رسولؐ کی پاک بیٹیوں کو ننگے سر خطبے پڑھنے پڑتے۔

کرب و بلا میں جا کے صدائے اِمام سُن
کتنی حقیقتیں ہیں اِس ایک راز میں
نامِ علیؑ جزوِ عبادت نہیں تو پھر
کیا فرق ہے تیری اور شمر کی نماز میں

خاکروب در باب مدینتہ العلم

محمد عون عباس خان (روکھڑی، ضلع میانوالی)

دعائے معرفتِ امامِ زمانہ عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ عَرِّفْنِیْ نَفْسَکَ فَاِنَّکَ اِنْ لَمْ تُعَرِّفْنِیْ نَفْسَکَ لَمْ اَعْرِفْ نَبِیَّکَ اَللّٰھُمَّ عَرِّفْنِیْ نَبِیَّکَ فَاِنَّکَ اِنْ لَمْ تُعَرِّفْنِیْ نَبِیَّکَ لَمْ اَعْرِفْ حُجَّتَکَ اَللّٰھُمَّ عَرِّفْنِیْ حُجَّتَکَ فَاِنَّکَ اِنْ لَمْ تُعَرِّفْنِیْ حُجَّتَکَ ضَلَلْتُ عَنْ دِیْنِیْ

ترجمہ: ''اے اللہ! تو مجھے اپنی ذات کی پہچان عطا فرما پس اگر تو نے اپنی ذات کی پہچان عطا نہ کی تو میں نبیؐ کو پہچان نہیں سکوں گا۔ اے اللہ مجھے اپنے نبیؐ کی پہچان عطا کر پس اگر تو نے مجھے اپنے نبی کی معرفت عطا نہ کی تو میں تیری حجت (امام مہدیؑ) کو نہیں پہچان سکوں گا۔ اے اللہ! مجھے اپنی حجت (امام مہدیؑ) کی معرفت عطا فرما پس اگر تو نے مجھے اپنی حجت کی معرفت عطا نہ کی تو میں اپنے دین سے گمراہ ہو جاؤں گا۔''

نذرانۂ عقیدت

اُنہیں یہ ضد ہے خُدا سے مانگو ہمیں یہ دھن ہے علیؑ سے لیں گے
وہ اپنی ضِد پر اَڑے ہوئے ہیں ہم اپنے حق پر کھڑے ہوئے ہیں
جو کفر و شِرک و منافقت کو باہم کرو تو بنے مقفر
یہ تین تالے ہیں اُس کے دل پر جو بن کے لعنت پڑے ہوئے ہیں

کلام

میر احمد نوید (کراچی)

دِل پاک اے جسم پلید ہوئے ہووے جا پاک تے شئے ناپاک نہ رکھ
اِسلام اے دین صداقت دا اِتھاں گوڑے گاں اُڈراک نہ رکھ
جے نماز ناوِیکھی رَبّ دی اے تاں سجدہ کر کہیں ٹھیکوی تے
جس داناں نماز وِچ نکیں چیندا اُس دے مُتر دے شہر دی خاک نہ رکھ

کنیز بتولؑ

والدہ محمد عون عباس خان

انتساب

مَیں اپنی اِس پہلی کاوش کو ولایت علیؑ کی راہ کی پہلی شہیدہ دُختر رسولؐ سیدہ حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا۔ اور ولایت علیؑ کے راستے کے پہلے شہید حضرتِ محسنؑ اور اولادِ زہراؑ کے پندرویں صدی کے اُس عظیم مجاہد کے نام نذر کر رہا ہوں جس کے دِن رات صرف اور صرف ولایت علیؑ اور عزاداری حسینؑ کے لئے وقف ہیں میری مُراد باوا سید قمر رضا بخاری علووالی (میانوالی) ہیں جن کی زندگی کا مقصد صِرف آلِ محمدؐ کے مذہب کی تبلیغ و ترویج ہی ہے خالق ربّ العزت بحق محمدؐ و آلِ محمد سید قمر رضا بخاری کا سایہ ہمارے سروں پر قائم و دائم رکھے اور ہمیں کما حقہٗ اُنکی سرپرستی میں مذہب حقہ کی حقانیت بیان کرنے کی توفیق عطا فرمائے میری اِس سعی کو اِمام زمانہ عجل اللہ فرجہ الشریف اپنی بارگاہِ اقدس میں قبول فرمائیں۔

ظہور اختر خان (ایم۔اے)

موبائل 0333-4953414

تقریظ

تمام حمد ہے اُس اللہ کی جس نے محمدؐ و آلِ محمد علیہم اسلام کو لوگوں کی ہدایت کے لئے اِس دُنیا میں بھیجا عرصہ ہوا وطن عزیز کی پر بہار اور دلفریب فضاء شیعت میں چند عاقبت نا اندیش، نام نہاد علماء نے مسموم انتشار پھیلا رکھی ہے مجھے معلوم ہے ان کا ذاتی کردار میں جانتا ہوں ان کے سربستہ اسرار میں دیکھ رہا ہوں ان کی اندرونی اور بیرونی سرگرمیاں اِن کا عِلمی اَحاطہ اِن کا علمی حدود اَربعہ اور روزمرہ کا مطالعہ تاریخ و حدیث ان کا اندازِ تعلیم و تدریس ان کی افکار کی پرواز ان کے انجام کا آغاز سب کچھ میری نگاہوں میں ہے۔ ان بے حمیت افراد نے سر پر عمامے بدن پر قبائیں ماتھے پر محراب سجا رکھے ہیں کہلوانے کو یہ علماء ہیں مگر درحقیقت ان میں پانچ منٹ تک بیٹھنے والا معمولی سمجھ بوجھ کا اِنسان یہی نتیجہ لے کر نکلتا ہے کہ یہاں جہالت کے سِوا کچھ بھی نہیں یہ لکیر کے فقیر، لوگوں کی اِصلاح کرتے کرتے قوم کو انتشار کے حوالے کر بیٹھے اور انہیں اپنی غلطی کا احساس تک نہیں توحید کے پردے میں نبوت اور نبوت کے پردے میں ولایت و امامت کی توہین ان کا محبوب مشغلہ ہے اِصلاح کے نام پر عزاداری میں کیڑے نکالنا، منبرِ حسینؑ پر بیٹھ کر امام حسینؑ کی توہین کرنا اور یزید کی وکالت کرنا، سادات کی تحقیر کرنا، فضائل آلِ محمدؐ میں شک کرنا ان کا پسندیدہ عمل ہے اس سے بڑھ کر نا انصافی کیا ہوگی قم اور نجف سے طالب علمی کا شہریہ لیتے ہیں اور قوم سے پرنسپلی کی تنخواہ کیا اَب بھی عدالت مشکوک نہ ہے کیا اَب بھی آپ کی نمازیں دُرست نہ ہوں گی افسوس کی بات ہے جس ولایت علیؑ کے بغیر اللہ کسی عمل کرنے والے کا کوئی عمل بھی قبول نہیں کرتا نہ نماز نہ روزہ نہ کوئی اور عبادت (فرمان معصومؑ) اُسی ولایت کو مبطل نماز کہہ رہے ہیں۔ یہ

دُشمنانِ آلِ رسولؑ سقیفہ کے پیروکاروں کے پیچھے نماز پڑھ لیں تو کوئی حرج نہیں لیکن ولایت کا اقرار کرنے والوں کے پیچھے ان کی نماز نہیں ہوتی حالانکہ وسائل الشیعہ میں امامؑ کا فرمان موجود ہے کہ سوائے اہلِ ولایت کے کسی کے پیچھے نماز نہ پڑھو حق تو یہ تھا اپنی نمازوں کی قضا پڑھتے مگر اُلٹا اہلِ ولایت کی نمازوں کو باطل کہا اَب تو الحمد اللہ پاکستان کے ہر شہر میں ولایت علیؑ در تشہد نماز پڑھی جا رہی ہے اور ایران کے بھی تمام مَراجع تحریر کر چکے ہیں اور لائق صد تحسین ہیں وہ علماء کرام جنہوں نے مقصرین کی پرواہ کئے بغیر اس کے وجوب کا فتویٰ صادر کیا جیسے علامہ غلام رضا باقری نجفی نے اپنی کتاب انوار الہدایہ صفحہ 345 پر تحریر فرمایا کہ شہادتین (دو گواہیوں) کے ساتھ ولایت علیؑ کی گواہی دینا واجب ہے اور یہ دو گواہیوں کے ساتھ لازم و ملزوم ہے۔ اِسی طرح آغا خوئی کا فتویٰ صراط النجاۃ جلد اوّل میں موجود ہے کہ اگر کوئی شخص اسے واجب سمجھ کر پڑھتا ہے یا مستحب یا نہ جانتے ہوئے کہ واجب ہے یا مستحب لیکن تشہد میں اِس کی گواہی دیتا ہے تو اس کی نماز صحیح ہے۔ صراط النجاۃ جلد اوّل۔ طبع قم۔ تالیف آغا خوئی اِسی طرح علامہ عباس قمر بنی ہاشم لکھتے ہیں کہ در تشہد نماز واجب است کہ انسان شہادت بولایت علی و اولادِ علیؑ بدھید۔ (شناختِ امیر المومنینؑ صفحہ 102) طبع ایران۔ علامہ قاضی سعید الرحمٰن علوی فرماتے ہیں جو پیشِ نماز ولایت کی گواہی نہ دے تو اُسے اپنی مسجد میں نہ رکھیں کیونکہ وہ بچوں کے عقیدے خراب کردے گا۔ علامہ نثار عباس جہادی اپنی کتاب اکمال الدین میں فرماتے ہیں ولایت علیؑ کی گواہی تشہد میں واجب ہے اِس کے بغیر جب رسول کی رسالت قبول نہیں تو مولویوں کی نمازیں کیسے قبول ہوں گی۔ علامہ اظہر عباس حیدری صاحب نے بھی تشہد میں علیؑ ولی اللہ کو واجب تحریر فرمایا ہے اور کم از کم چار معصوم اماموںؑ سے تشہد میں علیؑ ولی اللہ نقل کیا ہے اور 58 مجتہدین کے فتاویٰ تحریر کیے ہیں۔ مَیں نے خود نمازِ جعفریہ میں 92 حوالہ جات قرآن حدیث اور تفسیر

کے علاوہ علماء مجتہدین کے حوالہ جات تحریر کیے ہیں اور میرے اُستاد محترم علامہ سید فضل عباس نقوی جو کہ جامع صاحبُ الزمانؑ گلگشت کالونی ملتان کے پرنسپل ہیں آپ نے بھی اِک نایاب کتاب" شہادت ولایت علیؑ نا قابلِ تردید حقیقت "میں ولایت علیؑ در تشہد نماز واجب تحریر کیا اور استاذی المکرّم علامہ السید محب حسین نقوی نے ہمارا مشن میں شہادت ثالثہ کو تشہد نماز میں واجب تحریر کیا۔ اب بھی میرے سامنے مختلف علماء کرام کی 110 کتب پڑی ہیں جن میں تشہد میں شہادت ثالثہ موجود ہے۔ کسی نے ذکر، لکھا کسی نے سنت، کسی نے مستحب، کسی نے جزو تشہد کسی نے واجب و لازم لکھا ہے۔

دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بحق محمدؐ و آلِ محمدؑ محترم ظہور خان صاحب کی اس تحقیق اور علمی کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اِس کتاب میں محترم خان صاحب نے احکاماتِ دین کی مختصر مگر جامع وضاحت تحریر کی ہے تاکہ پڑھنے اور سمجھنے میں آسانی ہو یہ موجودہ وقت کی ایک اہم ضرورت تھی کہ جس کی تکمیل کے لئے امام زمانہؑ نے محترم خاں صاحب کا انتخاب کیا اور اُنہیں آپ تک ولایتِ علیؑ کی کتاب پہنچانے کی سعادتِ عظیم بخشی۔

دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ محترم ظہور خان صاحب کی توفیقات میں مزید اِضافہ فرمائے اور ہمارے آقا و مولا سرکارِ ولی العصر عجل اللہ فرجہ الشریف کا جلد ظہور فرمائے تاکہ مولا امیرِ کائناتِ علیؑ و اولادِ علیؑ کی ولایت کا اعلانِ عام ہو خانہ کعبہ کے محراب سے لیکر ہر مسجد منبر سے علیؑ ولی اللہ کی صدا آئے۔

العجل العجل یا منتقم آلِ محمدؑ العجل

دُعا گو۔۔۔

علامہ زوار محمد اکبر قریشی۔ فاضل قم

خطیب جامع مسجد و امام بارگاہ سجادیہ کوٹ چھٹہ ڈیرہ غازی خان

0302-8821214, # 0342-8894212

تقریظ

باوا سید قمر رضا بخاری سربراہ ماتمی سنگت غلامانِ سجاد میانوالی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد ہے چہاردہ معصومینؑ کے خالق کیلئے۔ جس نے امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ کو ولایت عطا فرما کر اپنے گھر کعبہ میں نازل فرمایا۔ درود سلام ہے۔ مقصدِ خلقت کائنات سرکار محمد مصطفیٰؐ اور اُنکی طیب و طاہر عترت پر۔ سلام ہو کربلا کے شہدا، خاندانِ تطہیر اور صالحین پر۔ کتاب مستطاب "شہادت ثالثہ در صلوٰۃ" پیارے بھائی ظہور اختر خان کی خاندانِ تطہیر سے مودّت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

روزِ اَلست جن اَرواح نے ولایت امیر المومنینؑ کو قبول کیا۔ بقول حضرت باقر العلوم علیہ السلام وہ خوش بخت ہیں۔ ظہور اختر خان بھی اُن خوش نصیب موالیوں میں سے ایک ہیں۔ زندگی کی پہلی ملاقات 1979ء میں گورنمنٹ ڈگری کالج میانوالی میں ہوئی۔ پہلی ہی ملاقات میں ولایت علیؑ ابنِ ابی طالبؑ کا جو ہر انمول موتی ظہور اختر خان کی دِل کی دھڑکن سے نکل کہ زبان سے ظاہر ہو رہا تھا۔ انہی ملاقاتوں کے دوران ظہور اختر خان نے مجھے 20 سوالات لکھ کر دیئے جو کہ مجھے آج تک یاد ہیں۔ کہ ان سوالات کے جوابات چاہئیں۔ وہ سوالات ولایت امیر المومنینؑ کے حوالہ سے تھے۔ دِن گزرتے رہے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رہا۔ مجالس سننے اور پڑھنے کا سلسلہ بڑھتا گیا کچھ لوگ سمجھتے ہیں کہ شاید ظہور اختر خان عقائد کے حوالہ سے قمر رضا بخاری سے متاثر ہے۔ لیکن خدا گواہ

ہے۔خود مجھے عقائد میں پختگی اور مشن کی کاوشوں میں ظہور اختر خان کی ذات سے ڈھارس ملی۔

ولایت امیرالمومنینؑ اصولِ دین سے ہے۔اعلان ولایت پر بقول قرآن کریم دین کی تکمیل ہوئی۔ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کی محنت کو سرٹیفکیٹ ملا نعمت ایسی مکمل ہوئی۔بغیر اعلانِ ولایت اللہ کے محبوب اور مقصدِ خلقتِ کائنات کی 23 سال کی محنت اور تبلیغ دین سے خالقِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم راضی نہیں۔

جو یہ کہہ دیتے ہیں کہ معصومینؑ نے شہادت ثالثہ کو پڑھا ہے۔؟ تو ظہور اختر خان نے ثبوت کے طور پر ڈھیر لگا دیئے ہیں۔جب ہمارے لئے "لقد کان لکم فی رسول اللّٰہ اُسوہ حسنہ" کے مصداق نے اپنے والدین جیسی شخصیات کو اپنے مزارات سے اُٹھا کر اعلان ولایت کے لئے کہا ابھی تو خم غدیر کا واقعہ ہی نہ ہوا تھا۔

(منتھی الاعمال۔شیخ عباس قمی۔ترجمہ:احسن المقال،علامہ صفدر حسین نجفی جلد اوّل)

سرکارِ حسن مجتبیٰؑ اِس دار فانی سے رخصت ہوئے تو آخری الفاظ میں اللہ وحدہ لا شریک کی توحید سرکار مصطفیٰؐ کی نبوت اور امیرالمومنینؑ کی ولایت کی گواہی دی۔

(معالی السبطین)

حجتِ خدا۔محسن انبیاءؑ سرکار امام حسین علیہ السلام کے مایہ ناز مجاہد اور وکیل۔شہید کوفہ واقعۂ کربلا کے پہلے شہید حضرت امیر مسلمؑ نے مولا کی وکالت کرتے ہوئے عبیداللہ ابن زیاد کے دربار میں زنجیروں میں پابند ہوتے ہوئے۔سر پر لٹکتی تلوار وہاں کے سایہ میں سر اونچا کر کے توحید۔رسالت اور ولایت علی ابنِ ابی طالبؑ کی بہ آوازِ بلند گواہی دی۔(مقتل حسینؑ ابی مخنف جلد اوّل) مقتل کی ابتدائی اور مستند کتب میں سے ہے کبھی سوال ہوتا ہے۔قران سے ثبوت دو۔کبھی فرمانِ معصومؑ۔کتب اَربعہ کبھی کسی

عالم دین مجتہد کی توضیح المسائل کا حوالہ مانگا جاتا ہے۔تو اِس حو''. سے قرآن کی آیات۔ احادیث رسولؐ۔فرامین آئمہ اطہارؑ۔مذہب حقہ کی مستند کتب۔کتب اَربعہ۔اہل سنت کی مشہور کتب کے بے شمار حوالہ جات اِس کتاب میں موجود ہیں جب علماء دین اور مجتہدین کا سوال ہوتا ہے۔تو 30 مجتہدین کے فتاویٰ کی نقولات شامل کر کے اِس بات کو بھی تشنہ نہیں چھوڑا گیا۔

دِن رات کی محنت شاقہ کا نتیجہ ہے۔جو عشقِ ولایت میں سرشار ہونے کا ثبوت ہے سلام ہے اُن لوگوں کی محنتوں کو جنہوں نے مشکل ترین حالات میں پیغامِ حق ولایتِ امیر المومنینؑ کو ہمارے تک پہنچایا۔ 40 ہجری امیر المومنینؑ کی شہادت ہوئی اور 130 ہجری ہارون الرشید عباسی کے دور میں صرف 90 سال کے بعد حالت یہ تھی کہ قبرِ اَمیر المومنینؑ کی نشاندہی کرنا واجبُ القتل جرم تھا۔

نوے سالہ بزرگ ہارون الرشید عباسی سے کہتا ہے کہ سامنے موجود ٹیلے کی حقیقت بتاؤں تو مجھے قتل تو نہیں کیا جائے گا۔اِن حالات سے گزر کر مشنِ ولایت و عزاداری ہم تک پہنچانا معمولی کام نہ تھا۔جو یہ کہتے ہیں کہ دورِ معصومینؑ میں۔بانگ دہل پڑھا جاتا تھا۔اِن حالات میں کیسے ممکن تھا۔تقاریر کے ذریعے اور ملاقاتوں میں ولایت امیر المومنینؑ بیان کرنا بلا شبہ جہاد اور ثواب عظیم ہے۔لیکن تحریر کی شکل میں آنے والی نسلوں تک اس مقدس مشن اور پیغام کو پہنچانا ایک ضروری عمل ہے۔جس کو ادا کرنے کی سعادت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ظہور اختر خان کو نصیب ہوئی ہے۔جو آئندہ نسلوں کی راہنمائی کرتی رہے گی۔انشااللہ۔

ظہور اختر خان نے خالصتاً سنتِ محبوب کبریاؐ اور سنتِ معصومین پر عمل کیا ہے۔ عبداللہ ابن مسعود کو سرکارِ رسالت نے فرمایا۔جس طرح علی ابن طالبؑ پر میری رسالت کا

اِقرار اللہ کی طرف سے واجب ہے اُسی طرح مجھ ذاتِ مصطفےٰ پر ولایت امیر المومنینؑ کا اِقرار واجب ہے ۔اور صادقِ آلِ محمدؑ کا فرمان ہے کہ مجھے اولادِ علیؑ ہونے سے زیادہ ولایت علی علیہ السلام پر قائم ہونے پر فخر ہے۔ کیونکہ اولادِ علی علیہ السلام ہونا اللہ تعالیٰ کی طرف مجھ پر انعام ہے اور ولایت علیؑ کا اقرار اللہ کی طرف سے مجھ پر واجب ہے۔ یعنی اس اقرار کا اظہار و تبلیغ سنتِ مصطفیٰؐ سنتِ آئمہ معصومینؑ ہے۔

خداوند کریم ظہور اختر خان کی اس عظیم محنت کو قبول فرمائے۔

ذاتِ مصطفیٰؐ ۔ذاتِ امیر المومنینؑ ۔(چہاردہ معصومینؑ) بالخصوص سرکارِ حجتؑ کے حضور اِس کاوش کو شرفِ قبولیت نصیب ہو۔

دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ظہور اختر خان کی توفیقات میں اضافہ فرمائے اور دیگر کتب عزاداری مظلوم کربلا اور حُرمت سادات سے جو تحریر کرنے کا اِرادہ رکھتے ہیں اُن میں کامیاب فرمائے ۔اجرِ عظیم عطا فرمائے ۔عمرِ دراز عطا فرمائے ۔اور عون عباس خان کو باپ کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے ۔(آمین)

دُعا گو: سید قمر رضا بخاری علووالی (میانوالی)

ابتدائیہ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہے وقت اَب بھی کر لے ولائے علیؑ قبول
شاید تیری یہ سانس کہیں آخری نہ ہو

حمد و ثنا ہے اُس خدائے لم یزل بزرگ و برتر عز و جل کی جس نے اپنی قدرت کاملہ سے کائنات کو خلق فرمایا اور انسان کو اشرف المخلوقات بنایا۔ درود و سلام ہے محمدؐ و آلِ محمدؐ کے لئے جو تخلیق کائنات کا سبب بنے۔

قرآن سے لیکر فرمان معصومؑ اور اخبار سے لیکر تفسیر تک نیز کُتب اربعہ سے لیکر نہج البلاغہ تک یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ محمدؐ و آلِ محمدؐ کی مودت و معرفت تحقیق سے زیادہ توفیق کی مرہونِ منت ہے۔ جیسا کہ باب **مدینتہ العلم** نے نہج البلاغہ میں فرمایا۔

لیس العلم بکثرة التعلم العلم نور یقذفه الله فی قلب من یشاء۔ (حضرت علیؑ۔ نہج البلاغہ)

ترجمہ۔ علم زیادہ پڑھنے سے نہیں آتا علم ایک نور ہے اللہ تعالیٰ جس کے دل میں چاہتا ہے ڈال دیتا ہے۔

بہت عرصہ پہلے کی بات ہے کہ ایک روز رو کھڑی بعد از اختتام مجلس عزاء قبلہ سید امیر عباس نقوی خطیب توت پنڈی کیمپ نے فرمایا کہ ظہور عباس خان آپ کے پاس کتب کا کافی ذخیرہ ہے کچھ وقت نکال کر ولایت علیؑ اور یا علیؑ مدد پر ایک کتاب لکھنی چاہیے۔ مَیں نے عرض کی قبلہ مَیں حاضر ہوں آپ یہ کام کریں مَیں کُتب اور حوالہ جات آپ کو فراہم کروں گا شومیٔ قسمت قبلہ سید امیر عباس نقوی کی یہ خواہش اچانک بیماری کے لاحق ہونے کیوجہ سے پوری نہ ہو سکی اور وہ ہمیں ہمیشہ کے لئے داغِ مفارقت دے گئے۔

خدائے لم یزل بحق محمدؐ و آلِ محمدؐ قبلہ سید امیر عباس نقوی کو سایہ لوائے حمد نصیب فرمائے اور اُن کے فرزند سید مرید عمران نقوی کو اپنے والدِ محترم کے نقشِ قدم پر چلنے اور اُن کے مشن کو جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اب جبکہ قبلہ سید قمر رضا بخاری کے بار بار حکم سے سرکار امام زمانہ عجل اللہ فرجہ الشریف کی خاص تائید سے بندۂ ناچیز نے اِس کام کا آغاز شروع کر ہی دیا ہے تو یقیناً چودہ معصومینؑ اپنے اِس حقیر کی نصرت فرمائیں گے۔

کتاب کنزالاعمال حدیث نمبر 28,951 جو شخص مجھ سے ایک علمی بات یا میری ایک حدیث تحریر کرے گا تو جب تک وہ علم اور حدیث باقی رہیں گے اُس کے لئے اَجر لکھا جاتا رہے گا۔

کتاب بحارالانوار جلد نمبر ا صفحہ نمبر 198 فرمانِ صادقِ آلِ محمدؐ ہے کہ جب کوئی مومن مَر جائے اور ترکہ میں کوئی ایسا کاغذ چھوڑ جائے جس پر علمی بات تحریر ہو تو بروز قیامت وہی کاغذ اِس کے اور جہنم کے درمیان پردے کا کام دے گا خداوندِ کریم اُسے اُس کاغذ پر لکھے ہوئے ہر ایک حرف کے بدلے بہشت میں ایک گھر عطا فرمائے گا جس کی وسعت اِس دُنیا سے سات گناہ زیادہ ہوگی۔

کتاب عوالم العلوم جلد 3 صفحہ نمبر 294 طبع ایران۔

عالم کے لئے بہترین علم روزِ آخرت کے لئے یہ ہے کہ وہ ہمارے محب مومن کو دشمن خدا اور رسول ناصبی سے بچالے ایسے عالم کو فرشتے روزِ محشر اپنے پروں پر اُٹھا کر کہیں گے مرحبا مرحبا تیرے لئے خوشخبری ہے کہ تو نے ایک نیک اور سادہ لوح مومن کو کتوں سے بچالیا۔

اِنہی حقائق اور احکامات کو سامنے رکھتے ہوئے فیصلہ کیا کہ درج ذیل موضوعات پر قلم اُٹھائی جائے۔

(1) ولایت علیؑ شہادتِ ثالثہ

(2) عظمتِ سادات

(3) یا علیؑ مدد

(4) عزاداریِ امام حسینؑ و ماتم امام حسین علیہ السلام

(5) معجزہ اور محمدؐ و آلِ محمدؐ

اِس وقت تحقیقِ حق کی جلد نمبر 1، عنوان شہادت ثالثہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

ضروری گذارش

خالقِ کائنات اپنی بے عیب کتاب قرآن مجید میں اِرشاد فرماتا ہے کہ سُورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر ۱۵

ولا تزر وازرۃ وزر اخری۔

ترجمہ:۔اور کوئی بوجھ اُٹھانے والا (نفس) دوسرے کا بوجھ نہیں اُٹھاتا۔

ہر اِنسان کو اللہ تعالیٰ نے عقل سلیم سے نوازا اور عبادت فرض بھی عاقل و بالغ پر کی تا کہ بالغ و عاقل اپنی عقل سے حکم خُدا کے مطابق دین میں تدبر اور سمجھ بوجھ حاصل کرنے کے بعد خالقِ حقیقی کی عبادت کرے۔

عبادت کیا ہے

عبادت فی لغت اطاعت و اطاعتہ فی لغت عبادت۔

عبادت کے معنی لغت میں اطاعت کے ہیں اور اطاعت کے معنی لغت میں عبادت کے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنی عبادت کے لئے خلق فرمایا۔اور قرآن مجید میں خلقت پر گفتگو کرتے ہوئے فرمایا سورت الذریات آیت نمبر 56۔

ما خلقت الجن والانس الا لیعبدون۔

"میں نے جنات اور انسانوں کو صرف اور صرف عبادت کے لئے خلق کیا۔"

عبادت

علما کا اتفاق ہے کہ اپنی چاہت کو انسان ترک کر کے جب اللہ کی چاہت کے مطابق زندگی گزارے تو اسے عبادت کہتے ہیں۔

عبادت کی شرائط

عبادت کی صرف ایک ہی شرط ہے کہ جب تک عابد کو یہ معلوم نہ ہو کہ اس کا خالق ومعبود کون ہے تو وہ عبادت کو انجام دینے کی اہلیت نہیں رکھ سکتا لہذا سب سے پہلا فریضہ یہ ہے کہ ہر عابد بلکہ ہر انسان اپنے ربِ حقیقی کی معرفت حاصل کرے۔

عِلم اور معرفت میں فرق

العلم ادراک حقیقته الشی۔

ترجمہ: عِلم کے معنی ہیں کہ کسی چیز کی حقیقت کو جاننا اور معرفت **المعرفته ادراک حقیقته الشی باٰثارہ**۔ معرفت کا مطلب ہے کسی چیز کی حقیقت کو اُس کے اسباب (نشانیوں) سے جاننا کسی اثر کی وجہ سے حقیقت کا عِلم حاصل کرنا۔ اَب اِنسان میں اِتنی اہلیت کہاں کہ وہ اپنے رَبّ کی معرفت کلی حاصل کر سکے۔

ربِ ذوالجلال کی کُنہ حقیقت تک کُنہ رسائی ممکن بھی نہیں۔

علامہ محمد باقر مجلسیؒ اپنے رسالہ اعتقادلیسلیہ میں رقم طراز ہیں کہ **وان لا یمکن الوصول الی کنه ذاته او صفاته** ۔خدائے لم یزل وبزرگ وبرتر کی ذات اور صفات کی اصل حقیقت تک رسائی ممکن ہی نہیں ہے۔ بلکہ رسالہ اعتقادیہ میں علامہ شیخ بہائیؒ لکھتے ہیں **وان کنه ذاته مما لا تصل الیه العقول و**

الا فکارہ۔ خداوند عالم کی کنہ ذات تک عقول وافکار کی رسائی نہیں ہو سکتی۔

قرآن مجید میں ارشاد ربُ العزت ہے کہ **لا یحیطون بہ علماً**۔ لوگ خداوند کریم کی کنہ ذات کا احاطہ علمی نہیں کر سکتے۔

سرکار محمد مصطفیٰؐ وما ینطق کے مصداق نبی فرماتے ہیں کہ **ان اللّٰہ احتجب عن العقول کما احتجب عن الا بصار و ان الملا الا علی یطلبونہ کما تطلبون**۔ اللہ تعالیٰ کی ذات عقل وفہم سے اِس طرح بلند اور پوشیدہ ہے جسطرح آنکھوں سے مخفی ہے اور عالم بالا کی مخلوق بھی اُسے اُسی طرح تلاش کرتی ہے جس طرح تم اُسے تلاش کرتے ہو۔

سرکار حضرت امام محمد باقرؑ کتاب شرح اصول کافی میں ارشاد فرماتے ہیں کہ۔

ان کل ما تصورہ احد فی عقلہ او وھمہ او خیالہ فا اللّٰہ سبحانہ غیرہ و ورائہ لا نہ مخلوق و المخلوق لا یکون من صفات الخالق۔

ترجمہ:۔ جو شخص اپنے عقل وفہم یا خیال میں خدا کی ذات کا کوئی خیالی تصور قائم کرے تو اُسے سمجھ لینا چاہیے کہ خدا اُس کے علاوہ کچھ اور ہے کیونکہ جو کچھ اُس کے ذہن میں آجائے وہ اس کے ذہن کی مخلوق ہے مگر خدا خالق ہے مخلوق نہیں ہے۔

معرفت خداوندی حاصل کرنے سے مُراد یہ ہے کہ طاقت بشری کے مطابق اُس کی صفات وکمالات پر اِطلاع حاصل کی جائے لیکن جہاں تک اُس کی اصل ذات کی حقیقت معلوم کرنے کا تعلق ہے اس میں غیر تو غیر خود ملائکہ مقربین اور انبیاء مرسلینؑ بھی اس کا دعویٰ نہیں کر سکتے خلاصہ کلام یہ ہے کہ ہم خدائے ذوالجلال کی معرفت کا حق ادا نہیں کر سکتے۔

اَب ذرا غور کیجئے کہ ہم سب کی خلقت کا مقصد صرف اور صرف عبادت ہے **و ما خلقت الجن والانس الا لیعبدون** ۔عبادت معرفت خداوندی کے بغیر ہو نہیں سکتی۔تو ہم کیا کریں۔

قرآن مجید کا واضح حکم ہے کہ

فسلوا اھل الذکر ہ۔سوال کرنا ہے تو اہل ذکر سے کرو۔

آؤ مل کر اہلِ ذکر تلاش کرتے ہیں۔تفاسیر آئمہ سے لیکر اہلسنت والجماعت کی تفاسیر تک ہر کسی نے آلِ محمدؐ کو ہی اہل ذکر لکھا ہے۔

جب ہم اہلِ ذکر کی طرف رجوع کرتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ **و ما خلقت الجن والانس الا لیعبدون**۔کا مطلب ہی معرفت حاصل کرنا ہے۔

<u>حوالہ جات</u>

(1)۔تفسیر البرہان جلد2 صفحہ نمبر52

(2)۔اصول کافی کتاب التوحید جلد نمبر1 صفحہ نمبر196

(3)۔تفسیر عیاشی جلد نمبر2 صفحہ نمبر42

(4)۔بحارالانوار جلد نمبر19 صفحہ نمبر63

(5)۔تفسیر الصافی جلد نمبر1 صفحہ نمبر628

(6)۔تفسیر مراۃ الانوار صفحہ نمبر22

محمد بن یعقوب عن الحسین بن محمد الا شعری و محمد بن یحیٰ جمیعاً عن احمد بن محمد بن یعسی عن اسحق عن سعدان بن سلم عن معاویہ بن عمار عن ابی عبد اللّٰہ فی قول اللّٰہ عزوجل۔

و للّٰہ الاسماء الحسنیٰ فادعوہ بہا قال نحن و اللّٰہ الاسماء الحسنیٰ التی لا یقبل اللّٰہ من العباد الا بمعرفتنا ہ ۔

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ خداوند کا قرآن مجید کریم میں ارشاد ہے اور اللہ کیلئے ہیں اسماء الحسنیٰ (خوبصورت نام) اللہ کو بُلانا ہو تو اُن کے ذریعے پکارو اللہ کی قسم ہم اسماء الحسنیٰ ہیں۔ ہماری معرفت کے بغیر اللہ کسی کا کوئی عمل قبول نہیں کرے گا۔

کتاب بحارالانوار میں حضرت امام محمد باقرؑ نے ارشاد فرمایا۔

بنا عرف اللّٰہ و بنا وحد اللّٰہ و بنا عبد اللّٰہ ۔

ہمارے ہی ذریعہ سے خدا کی معرفت ہوئی ہمارے ہی ذریعہ خدا کی توحید بیان ہوئی اور ہمارے ہی ذریعہ خدا کی عبادت عام ہوئی ۔

نتیجہ

خداوند عالم نے (و ما خلقت الجن و الانس الا لیعبد ون) انسانوں کو فقط معرفتِ معصومینؑ کے لئے خلق فرمایا ہے۔

اگر ہمیں اِن ہستیوں یعنی آلِ محمدؐ کی کما حقہ معرفت ہے تو پھر ہمارا ہر عمل بارگاہِ خداوندی میں قابلِ قبول ہے بصورت دیگر سب اعمال رائیگاں ہیں۔

اِس دعوت فکر کیساتھ گذارش عبد علیؑ اختتام کو پہنچی ہے کہ غور کرو، تدبیر حاصل کرو اہل ذکر سے پوچھو۔

(1) کتاب جواہرالسنیہ شیخ حر عاملی صفحہ 524

(2) کواکب مضیئہ محمد حسین ڈھکو صفحہ (حدیث قدسیہ) 480

(3) کشف الیقین علامہ حلی صفحہ 82

(4) تفسیر کشاف

(5) انوار القرآن سید راحت حسین سہارنپوری

(6) المشارق الانوار الیقین حافظ رجب علی البسری صفحہ اردو 152 عربی صفحہ 145

(7) کوکب دُری، صالح محمد کشفی حنفی صفحہ 163

(8) درج بالا کتب کے علاوہ اکمال الدین بولایۃ امیر المومنینؑ الطوبی سید ابو محمد نقوی۔ تفسیر ھدی للمتقین وغیرہ میں بھی یہ حدیث موجود ہے۔

حدیث قدسی

عن الرب العلی انه قال لا د خلن الجنته من اطاع علیا و ان عصانی و لا د خلن النار من عصاه و ان اطاعنی -

ترجمہ:۔ مَیں اُسے جنت میں داخل کروں گا جو علیؑ کا اطاعت گزار ہو۔ میرا چاہے گنہگار ہی کیوں نہ ہو۔ اور مَیں جہنم میں داخل کروں گا اُسکو جو میرا چاہے اطاعت گذار ہو لیکن علیؑ کا دُشمن ہو۔

کتاب القطرہ 1 جلد صفحہ 165

حضرت ابن عباس رسول خداؐ سے روایت کرتے ہیں۔

لا یعذب الله هذ الخلق الا بذنوب العلماء الذین یکتمون الحق من فضل علی و عترته -

ترجمہ:۔ خداوند تعالیٰ مخلوق پر عذاب اُن علماء کے گناہوں کی وجہ سے نازل کرتا ہے جو علیؑ اور اولادِ علیؑ کے فضائل کو چُھپاتے ہیں۔

کتاب ثواب الاعمال وعقاب الاعمال۔ شیخ صدوق (طبع ایران) صفحہ نمبر

453 حدیث نمبر 17۔

فرمانِ امام محمد باقر علیہ السلام۔

یقــول ان عـدو علی لا یخرج من الدنیا حتی یجرع جـرعتـه من الجهیم وقال سواء علی من خالف هـذا الامر صلی اوزنی۔

جونہی دُشمن علیؑ دُنیا سے جاتا ہے تو اُسے جہنم کے کھولتے ہوئے پانی کا گھونٹ پلایا جاتا ہے۔

دُشمن علیؑ کے لئے فرق نہیں ہے کہ وہ نماز پڑھے یا زِنا کرے۔

منکرانِ ولایت کی طرف سے اعتراضات

ولایت علیؑ کی گواہی۔ تشہدِ نماز میں چودھویں صدی کے چند شر پسند عناصر کی اختراع ہے اِس کا کہیں کوئی وجود نہیں۔

اہلِ عقل کو دعوتِ فکر

کسی بھی اِسلامی دینی مسئلہ کو سمجھنے کے لیے کیا یہی چند اُصول نہیں ہیں۔

(1) قرآن مجید سے تلاش کیا جائے کہ اللہ کی بے عیب کتاب کا دعویٰ ہے

ولا رطـب ولا یابس الا فی کتاب مبیـن۔

(2) حدیث قدسی ہو۔

(3) حدیث رسولؐ میں ہو۔

(4) مذاہب کی بنیادی کتابیں مثلاً اہلسنت کے لیے صحاح ستہ اور شیعہ اثنا عشری کے لیے کتب اربعہ۔

(5) آئمہ جو بھی جس فقہ مذہب کے ہیں ان کا حکم تلاش کیا جائے۔

(6) فقہ کی کتابوں میں یعنی شیعہ اثنا عشریہ کے لیے توضیح المسائل۔ مجتہدین کے رسائل۔ اخبار اور مسائل کی کتابوں میں ہو۔

ضروری بات

فیصلہ آپ کے ہاتھوں آپ کا اپنا یا کتاب کے مصنف پر اعتراض کر کے اُسے مذاہب کا حصہ نہ مانو یا اگر مصنف کتاب آپ کے مذاہب کا ستون اور راہنما ہے تو اُسکی بات مانو۔

قرآن اور ولایت علیؑ

آیت نمبر۔1۔

فاذن موذن بینھم ان لعنتہ اللہ علی الظلمین۔ ا لذین یصدون عن سبیل اللہ و یبغونھا عوجا و ھم با لاخرۃ کفرون ۔(سورہ اعراف آیت ۴۵۔۴۴)

ترجمہ:۔

ایک ندا کرنے والا اُن کے درمیان میں یہ ندا کرے گا کہ خدا کی لعنت ہو ظالموں پر (ایسے ظالم) جو لوگوں کو خدا کے راستے سے روکتے ہیں اور (اُن کے دلوں میں شبہات ڈال کراس (راستے) کو ٹیڑھا دکھلاتے ہیں اور وہ آخرت کے منکر ہیں۔

تفسیر نمونہ جلد 6 صفحہ نمبر 161 تا 162 جن علماء مجتہدین نے یہ تفسیر لکھی۔

(1) حجتہ الاسلام والمسلمین آقائے محمد رضا آشتیانی

(2) حجتہ الاسلام والمسلمین آقائی محمد جعفر امامی

(3) حجتہ الاسلام والمسلمین آقائی داؤد الہامی

(4) حجتہ الاسلام والمسلمین آقائی اسد اللہ ایمانی

(5) حجتہ الاسلام والمسلمین آقائی عبدالرسول حسنی

(6) حجتہ الاسلام والمسلمین آقائی سید حسن شجاعی

(7) حجتہ الاسلام والمسلمین آقائی سید نور اللہ طباطبائی

(8) حجۃ الاسلام والمسلمین آقائی محمود عبداللہی

(9) حجۃ الاسلام والمسلمین آقائی محسن قرائتی

(10) حجۃ الاسلام والمسلمین آقائی محمد محمدی

(11) اُستادِ محقق آیت اللہ ناصر مکارم شیرازی۔

تفسیر

یہ ندا کرنے والا کون ہے

یہاں پر ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ موذن (ندا کرنے والا) جو اس طرح سے ندا کرے گا کہ اس کی آواز سب اہل محشر سن لیں گے اور اِس طرح تمام اہل محشر پر اس کا تفوق و برتری ظاہر ہوگی۔

کون ہے۔

آیت سے تو کچھ نہیں کھلتا لیکن اسلامی روایات میں مذکورہ آیت کی تفسیر میں زیادہ یہ وارد ہوا ہے کہ اِس سے مراد حضرت امیر المومنینؑ ہیں۔

چنانچہ ابوالقاسم حسکانی جو اہلِ سنت کے علماء میں سے ہیں اپنی سند کے ساتھ محمد حنفیہ سے اور وہ حضرت علیؑ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ نیز اسی طرح اپنی سند سے ابنِ عباس سے نقل کرتے ہیں۔

قرآن میں حضرت علی علیہ السلام کے کچھ نام ہیں جن کو لوگ نہیں جانتے اُن میں سے ایک نام آپ کا موذن بھی ہے جو اس آیت '**فاذن موذن بینھم**' میں آیا ہے علی علیہ السلام ہیں جو یہ ندا کریں گے اور کہیں گے۔

الا لعنتہ اللّٰہ علی الذین کذبوا بولایتی وا ستخفوا بحقی۔

اللہ کی لعنت ہو اُن لوگوں پر جنھوں نے میری ولایت کو جھٹلایا اور میرے حق کو سبک سمجھا۔ (تفسیر البیان میں بھی ایسی ہی تفسیر ہے)

شیعہ طریقوں سے بھی اِس بارے میں متعدد حدیثیں وارد ہوئی ہیں جیسا کہ جناب صدوقؒ نے اپنی سند کے ساتھ امام محمد باقرؑ سے روایت کی ہے کہ جنگ نہروان سے واپسی کے موقع پر حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے ایک خطبہ دیا جس میں ارشاد فرمایا۔

''وہ دُنیا و آخرت میں ندا کرنے والا مَیں ہوں جس کا خدا نے اپنی کتاب میں ذکر فرمایا ہے کہ **فاذن موذن بینھم ان لعنتہ اللّٰہ علی الظالمین** ۔مَیں وہ روزِ قیامت کا مؤذن ہوں نیز اللہ نے فرمایا ہے **واذن من اللّٰہ و رسولہ** ۔حج کے موقع پر ندا اللہ اور اس کے رسولؐ کیطرف سے ہر ایک کے کان میں پہنچ جائے یہ ندا کرنے والا بھی میرے علاوہ کوئی دوسرا نہ تھا۔

۲

من کتاب البرھان فی تفسیر القرآن العلامتہ السقہ السید ھاھشم بن السید سیلمان بن سید اسماعیل بن سید عبد الجواد العیسی البحرانی (1107ء) صفحہ نمبر 17، جلد نمبر 2 کتاب وسائل شیعہ شیخ حر عاملی۔ ترجمہ مسائل شیعہ محمد حسین ڈھکو۔ (سرگودھا)

سعد بن ابی سعید البلخی بیان کرتے ہیں کہ مَیں نے اِمام موسیٰ کاظم علیہ السّلام کو کہتے ہوئے سُنا ہے کہ ہر نماز کے وقت جب یہ منکر لوگ پڑھتے ہیں تو رحمت کی بجائے ان پر

خدا کی لعنت نازل ہوتی ہے میں نے کہا میں آپ پر قربان جاؤں ایسا کیوں ہے فرمایا اس لئے کہ یہ لوگ ہمارے حق کا انکار کرتے ہیں اور ہمیں جھٹلاتے ہیں۔

ابن بابویه قال حدثنا ا لوا لعباس محمد بن ا براهیم بن ا سحق الطا لقا نی قا ل حد ثنا عبد العز یز بن یعیسی با لبصره قال حد ثنی المغیرة بن محمد قال حد ثنا زجاء بن سلمه عن عمرو بن شمر عن جا بر العجعفی عن ابی جعفر محمد بن علی صلوات الله علیه قال خطب امیر المو منین علی بن ابی طالبؑ با لکو فته منصر فه من النهروان و بلغه ان معو یته یسبه و یعیبه و یقتل ا معابه فقام خطیب و ذکرا لغطیعه الی ان قالؑ فیها و انا الموذن فی ا لد نیا و الا خرة قا ل الله عزوجل فا ذ ن مؤذ ن بینهم ان لعنته الله علی الظالمین ان اذ لک الموذن و قا ل و ا ذ ا ن من الله و رسوله و انا ذالک الاذا ن.

۲۔ ا لعیاشی عن محمد بن العفیل عن ابی الحسن الرضاؑ فی قوله فاذن موذ ن بینهم ان لعنته الله علی الظالمین قا ل الموذ ن امیرالمومنین.

۳۔ الطبرسی قال روی الحاکم ابو القاسم العسکانی باستادہ عن محمد بن الحفیتہ عن علیؑ انہ قال انا ذالک الموذن و قال و باسنا و عز ابی صالح عن ابن عباس انہ قال لعلی فی کتاب اللّٰہ اسمہ لا یعر فیھا الناس قولہ فاذن موذن بینھم یقول الا لعنتہ اللّٰہ علی الذین کذبو بولایتی و مستخفو ابحقی ۔

(کتب مزید۔ تفسیر صافی صفحہ 239 جلد نمبر 3 ۔ محمد بن مرتضٰی المعروف بہ مُلا فیض کاشانی)

تفسیر نور الثقلین محدث جلیل العلامتہ الخبیر شیخ عبد علی الجویزی جلد ۳ صفحہ نمبر ۳۷۵

قرآن مجید۔ علامہ سید ذیشان حیدر جوادی صفحہ ۳۴۴۔

سورۃ اعراف آیت ۴۵۔

الذین یصدون عن سبیل اللّٰہ و یبتغونھا عوجاہ و ھم بالاخرۃ کفرون۔

ترجمہ:۔ وہ لوگ (ظالم) جو لوگوں کو سبیل (خدا کے راستے سے) روکتے ہیں اور راستے کو ٹیڑھا دکھاتے ہیں اور آخرت کے وہ منکر ہیں۔

تشریح

آیاتِ قرآنی کا اگر تسلسل سے مُطالعہ کی جائے تو کچھ یوں ہیں ۔ کہ بہشت

والے دوزخ والوں سے کہیں گے کہ ہم نے اُس وعدہ کو حق پایا جو اللہ تعالیٰ نے ہم سے کیا تھا تو اِس اَثنا میں ندا آئے گی۔ کہ خدا کی لعنت ہو ظالموں پر جو لوگوں کو راہ راست سے (اللہ کی سبیل) روکتے تھے اور اپنی جبلیغات سے لوگوں کے عقائد کی جڑوں کو کمزور کر کر کے اُنکے دلوں میں شک وشبہ ڈالتے تھے۔

اَب جبکہ شیخ صدوق سے لیکر ابن عباس تک تفسیر نمونہ سے لیکر تفسیر البرھان۔ صافی۔ کافی۔ مجمع البیان۔ فرات۔ صافی اور معانی الاخبار تک ہر کسی نے یہی کہا کہ نِدا کرنے والا علیؑ ابن ابی طالبؑ ہوگا اور بحکم خُدا ندا یہ کرے گا کہ کیا تم نے بھی حق پایا اُس وعدہ کو جو اللہ تعالیٰ نے تم سے کیا تھا۔ تو اسی اثنا میں ندا آئے گی۔

اللہ کی لعنت ہو اُس ظالم پر جس نے مجھ علیؑ ابنِ ابی طالبؑ کی وِلایت کا اِنکار کیا ہے (جُھٹلایا ہے) اور میرے حق کو شک سمجھا۔"

اُن کی نشانی کیا ہے کہ وہ دُنیا میں لوگوں کو اللہ کی سبیل سے روکتے راستے کو ٹیڑھا کرتے صراطِ مستقیم کی بجائے لوگوں کو اللہ کی سبیل سے دُور کرتے۔

تفسیر قمی جلد ۲۔ صادق آلِ محمدؑ

انما السبیل ھو علیؑ و لا یسطیعون الی وِلاته علیؑ۔

یعنی سبیل نام ہی علیؑ کا ہے (رسول اللہ کو اذیت پہنچانے والوں سے سبیل چھین لی جاتی ہے)

تفسیر البرھان سید ھاشم الحسینی البحرانی مقدمہ تفسیر مرآۃ الانوار، مشکوۃ الاسرار طبع ایران قم۔ صفحہ نمبر ۱۸۵

(1)۔ عن الباقرؑ فی قوله تعالیٰ ہ وصدوا عن سبیل الله قال عن ولایته علیؑ.

ترجمہ: حضرت امام محمد باقرؑ کہ اللہ کا قول جو اللہ کی سبیل سے روکے فرمایا مُراد علیؑ کی ولایت سے روکے۔

(2)۔ وفی تفسیر العیاشی عن جابر عن الباقرؑ فی قوله تعالیٰ و لئن قتلتم فی سبیل الله او متم الا یته قال سبیل الله علیؑ و ذریته فمن قتل فی سیلسم و فی ولا یتسم قتل فی سبیل الله و من مات فی ولا یتهم مات فی سبیل الله و فی کتاب الواحدۃ عن طارق بن شهاب قال علیؑ الائمه من آل محمد السبیل الی الله و السبیل ہ.

تفسیر عیاشی میں جابر بن عبداللہ امام باقرؑ سے روایت کی کہ آیت اگر تم اللہ کی راہ میں قتل کیے جاؤ یا مارے جاؤ فرمایا سبیل سے مُراد علیؑ اور اولادِ علیؑ ہے۔بس جو بھی اُن کی سبیل اور ولایت میں قتل ہوا۔وہ اللہ کی راہ میں قتل ہوا اور جو اُن کی ولایت میں مَرا وہ اللہ کی راہ میں مَرا۔طارق بن شہاب نے کہا کہ علیؑ نے فرمایا کہ آلِ محمدؐ اللہ کی طرف سے سبیل ہیں اور اللہ کی طرف سبیل ہیں۔

(3)۔ وفی تفسیر العیاشی عن الباقر ان الائمته هم

السبیل الا قو م .

تفسیر عیاشی میں امام باقرؑ نے فرمایا کہ آئمہ قوی (طاقت ور) سبیل ہیں۔

(4)۔ و فی خطبته اللؤ لؤة لعلیؑ ا ن الا ئمته هم سبیل الرشاد و هائی فی المثل ما یدل علی انهم سبیل الهدی و فی بعض الزیارات انتم السبیل الاعظم و السبیل الوا ضحه .

خطبہ لولو میں علی علیہ السلام نے فرمایا کہ آئمہ ہدایت کی سبیل یہ بات دلیل ہے کہ یہ سبیل اعظم ہے اور کھلی سبیل ہیں۔

(5)۔ و عن ابی بصیر عن الباقرؑ فی قوله تعالیٰ و لا تتبعوا السبیل فتفرق بکم عن سبیله قا ل ان الا ئمه هم سبیل ا للّٰه و صراطه فمن آبا هم سلک السبیل .

آئمہ اللہ کی سبیل ہیں اور اسکی صراط ہیں۔ کسی اور سبیل کی پیروی نہ کرو اور نہ ہی کسی اور راستے کا جس نے سبیل کا انکار کیا۔

(6)۔ و فی کتاب المناقب عن الباقرؑ قا ل فیا قوله تعالیٰ ان الذ ین کفر و ا و صدا عن سبیل اللّٰه الا ته هم بنو ا امیته الذ ین صد و ا عن و لایته علیؑ .

ترجمہ: امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ کے قول ان الـــذ یـن کـــفرو راد صداد عن سبیله ۔ سے مُراد منکران ولایت علیؑ ہیں جنہوں سے لوگوں کو ولایت علیؑ سے روکا۔

(7)۔ و فـی تفسیر العیاشی عنه البا قرؑ فی قو له تعالیٰ و یقـو لو ن للذ ین کفر و ا قال یعنی لائمته الضلا ل و الـدعـلة الـی الـنـار هو لا اهدی مـن الذ ین آمنوا سبیله. یعنی من آلِ محمد و او لیا ئهم الغبره .

ترجمہ:۔ تفسیر عیاشی میں امام محمد باقر علیہ السلام نے اللہ کے قول یقولون للذ ین کفرو سے مُراد گمراہ آئمہ ہیں جو لوگوں کو جہنم کی طرف بلاتے ہیں اور وہ اللہ کی طرف بلاتے ہیں۔ وہ ہم آئمہ ہیں۔

سورۃ العنکبوت آیت نمبر ۳۸۔

و ز یـن لهـم الشیـطـان اعـمـا لهم فصد هم عن السبیل و کا نو مستبصرین .

شیطان نے ان کے اعمال سجا کر ان کے سامنے پیش کر دیئے انہیں سبیل سے (ولایت علیؑ) سے دھوکا دے دیا حالانکہ وہ صاحبان بصیرت تھے۔

سورہ ھود آیت نمبر ۳۔

ا نا هـد ینه ا لسبیل اما شا کرا و را ما کفو را ۝.

ہم نے سبیل (ولایت علیؑ) کی ہدایت کردی اب چاہے شاکر بنو یا کافر بنو۔

اللہ تعالیٰ یہ فرمارہا ہے کہ بقول امام محمد باقرؑ " سبیل علیؑ کی ولایت ہے تو ترجمہ و تشریح یوں ہوگی۔

ہم نے آپکو ولایت علیؑ کی ہدایت کردی آپ کی مرضی ہے کہ آپ علیؑ کی ولایت کی گواہی دل سے دے کر اللہ کا شکر عطا کریں اِس نعمت عظمیٰ پر یا پھر اِنکار کر کے کافر ہو جائیں اور شیطان کی مان کر اپنے اعمال کو سجا کر ماتھوں پر محرابیں بنا کہ لوگوں کو سبیل سے یعنی ولایت علیؑ سے روکو باوجود اِس کے کہ آپ جانتے ہیں علیؑ کی ولایت کو مگر پھر بھی **عاملتہ ناصبہ تصلیٰ ناراحامیہ** کی تفسیر بنکر اوندھے مُنہ جہنم جانا چاہتے ہیں تو آپ کی مرضی۔

نتیجہ

درج بالا آیات سے یہ بات بالکل روزِ روش کی طرح واضح ہو چکی ہے کہ سبیل اللہ سے مراد علیؑ اور آئمہ طاہرینؑ ہیں اور وہ جنھوں نے لوگوں کو ولایت علیؑ سے رُوکا اور قرآن نے اللہ کی سبیل (علیؑ اور اولادِ علیؑ) سے روکنے والوں کو اور رُکنے والوں کو کافر کہا۔ آخرت پر ایمان نہ لانے والے۔ خسارے والے کہا ہے ذرا سوچیئے تو سورہ توبہ کی آیت نمبر ۹۔

اشتروا بایت اللّٰہ ثمناً قلیلا فصدوا عن سبیلہ انھم سآءَ مَا کانوا یعلمون ٥.

ترجمہ:۔ لوگوں نے اللہ کی نشانیوں (آیات) کو کم قیمت سے بدل ڈالا اور اللہ کی سبیل سے لوگوں کو روکتے ہیں وہ جو بھی عمل کرتے ہیں وہ گناہ ہیں۔ (سورہ ہود آیت

(21تا18

بامحاورہ ترجمہ یوں ہوگا، تفسیر ھدی المتقین صفحہ 288

ترجمہ:۔ خبردار اللہ کی لعنت ہے ظالموں پر جو اللہ کی سبیل سے روکتے ہیں اور اُسے ٹیڑھا کرنا چاہتے ہیں اور وہی آخرت کے منکر ہیں۔ سبیل علیؑ ہیں علیؑ کی ولایت ہے۔

تفسیر صافی سے لے کر تفسیر عسکری تک آیتُ الکبریٰ علیؑ ہے۔

سبیل ولایت علیؑ ہے۔

• اپنے آپ کو محب آلِ محمدؐ کہنے والو ذرا غور تو کرو کہیں یہ تو نہیں کہ اللہ فرما رہا ہو کہ جو لوگ علیؑ اور اولادِ علیؑ کی بجائے کسی اور کی پیروی کرتے ہیں حُجتِ علیؑ اور آئمہؑ طاہرین کی بجائے کسی اور کو مانتے ہیں اور آلِ محمدؐ کی بجائے کسی اور کو حجت مان کر لوگوں کو ولایت علیؑ سے روک رہے ہیں اگر ایسا ہے تو اللہ فرماتا ہے کہ ایسے لوگوں کے اعمال وہ جو بھی کرتے ہیں ولایتِ علیؑ کے بغیر وہ گناہ ہیں کیونکہ جملہ اعمال میں ولایت علیؑ کی گواہی واجب ہے بلکہ لازمی ہے۔

کتاب الطوبیٰ سید ابو محمد نقوی۔ کتاب کشف الاحکام سید باقر نثار زیدی اور کتاب تنویر الایمان حضرت محمد بن یعقوب کلینیؒ فرماتے ہیں۔

لا تتم اذانکم و لا آقامتکم و لا صلوٰتکم و لا صومکم و لا حجکم و لا زکوٰۃ کم و لا مبتدا کم و لا مماد کتم اِلا بذکر علی ابن ابی طالبؑ ہ۔

اور یاد رکھو نہ تمہاری اذان مکمل ہوگی نہ تمہاری اقامت نہ نماز نہ روزہ، نہ حج نہ زکوٰۃ، نہ تمہاری ولادت نہ تمہاری موت مگر ذکر علی ابنِ ابی طالب علیہ السلام سے۔

آیت نمبر 2۔

سورہ آل عمران آیت نمبر 86 تا 87۔

کیف یھــد ی اللّٰــہ قو ماً کفرو ا بعد ایما نھم و شھـد و ا ان الـر سـول حـق و جـاء ھم البینٰت و اللّٰہ لا یھـد ی القو م الظلمین ٭ ا و لئک جزآ و ھم ان علیھم لعنتہ اللّٰہ و الملٰئکتہ و النا س اجمعین ٥ .

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ اُس قوم کو ہدایت کیسے کرے جو ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئی۔ یہ رسول ؐ کے برحق ہونے کی گواہی دیتے ہیں اور اِن کے پاس کھلی دلیلیں بھی آئیں اور اللہ تعالیٰ ظالمین کو ہدایت ہی نہیں کرتا اِن لوگوں کی جزاء (بدلہ) یہ ہے یقیناً اللہ کی ملائکہ کی اور سب انسانوں کی لعنت ہے اُن پر۔

تفسیر آیت۔ تشریح آیت۔

ایمان علیؑ ابن ابی طالب ہے

اہلِ سنت کی کتابوں ینابیع المودۃ کوکب دُری سے لیکر اہلِ تشیع کی ہر وہ کتاب جس میں جنگ خندق کا ذکر ہے اُس میں یہ واقعہ لکھا ہوا آپ کو ملے گا کہ جنگ خندق میں عمرو بن عبدود خندق عبور کر کے رسول اللہؐ کے خیمہ کے سامنے نیزہ نصب کر کے اُونچی آواز سے کہتا ہے کوئی ہے جو میرے مقابلے میں آئے علیؑ نے کہا میں ہوں۔ رسول اللہؐ نے فرمایا بیٹھ جاؤ دوسری مرتبہ تیسری مرتبہ جب اِس کافر عمرو ابن عبدود نے پکارا رسول اللہؐ نے کہا

کوئی ہے جو اِس کتے کی آواز بند کرے سرکار علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام آئے الحفتصر وار کیا فنار کیا۔ ضربت ماری اس ملعون کو واصل جہنم کیا۔ رسولؐ نے فرمایا۔

برز الایمان کلہ الی الکفر کلمہ.

کُل کا کُل ایمان کُل کے کُل کفر کے مقابلے میں جا رہا ہے یعنی اللہ کی کائنات کا کُل ایمان ہے علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام۔

ایمان کا انکار ولایت علیؑ کا انکار ہے

تفسیر عیاشی، محدث جلیل ابونصر محمد بن مسعود بن عیاش تمیمی کوفی سمرقندی۔

ترجمہ، شوکت حسین سندرالوی۔ جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 279۔

سورہ المائدہ آیت نمبر ۵۔

ومن یکفر بالایمان فقد حبط عملہ وھو فی الاخرۃ من الخسرین ۵.

ترجمہ :۔ جو ایمان سے انکار کرے پس اُس کے عمل ضائع کر دیئے جائیں گے اور وہ آخرت میں گھاٹا پانے والوں میں سے ہوگا، کی تفسیر جابر نے ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا۔ "جو ایمان سے انکار کرے اُس کے عمل ضائع ہو جائیں گے فرمایا اِس سے مراد علی ابن ابیطالب علیہ السلام کی ولایت ہے۔"

بحار الانوار جلد 53، صفحہ نمبر 369۔

عن ابی حمزہ قال سئالت ابا جعفرؑ فی

تفسیر صافی بطن القرآن و من یکفر بولایته علیؑ و علی ھو الایمان .

ترجمہ:۔ جناب صادقِ آلِ محمدؑ فرماتے ہیں جس نے بھی ولایت علیؑ کا انکار کیا اُس نے ایمان سے انکار کیا۔علیؑ ہی ایمان مجسم ہیں۔

فرازِ دار پہ میثم بیان دیتے ہیں
رہے گا ذکر علیؑ ہم زبان دیتے ہیں
صفیں بناؤ محبو کہ دار پر میثم
نمازِ عشق علیؑ کی اذان دیتے ہیں

سورۃ آلِ عمران آیت نمبر ۸۶ اور ۸۷ کی تفسیر کچھ یوں ہوگی۔

کیف یھدی اللہ قوما کفرو بعد ایما لھم ۔اللہ تعالیٰ اُس قوم کو ہدایت کیسے کرے جو ایمان لانے کے بعد کافر ہوگئی اِسلام لانے کے بعد نہیں ہے ایمان کے بعد ہے۔اسلام کے بعد کا کفر اور ہے اور اُس کا ذکر بھی قرآن میں ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا

سورہ توبہ آیت نمبر ۷۳۔

و یحلفون باللہ ما قالو و لقد قالو کلمته الکفر و کفرو بعد اسلامھم.

میرے رسولؐ یہ حلفیں اُٹھا رہے ہیں کہ ہم نے نہیں کہا میں اللہ کہتا ہوں اِنہوں

نے ضرور کہا ہے کلمہ کفر اور اسلام لانے کے بعد کافر ہو گئے۔ لیکن یہ وہ ہیں جو پہلے ایمان والے تھے علی ولی اللہ پڑھتے تھے تب ایمان والے تھے مگر اب انکار کرتے ہیں **و شھد و ان الرسول حق** ۔ یہ جو ایمان کے بعد کافر ہوئے ہیں یہ رسولؐ برحق کی گواہی تو دیتے ہیں ان کی نشانی یہ ہے کہ یہ ایمان کے بعد انکار کرنے والے یہ تو کہتے ہیں کہ **اشھد ان محمد الرسول اللّٰہ** ۔ صرف یہ نہیں کہتے **اشھد ان علیاء ولی اللّٰہ** ۔ ان کا جرم کیا ہے کہ یہ ایمان لانے کے بعد (ولایت علی کی گواہی دینے کے بعد) کافر ہو گئے ہیں حالانکہ **و جا ھم البینت** ۔ اُن کے پاس دلیلیں بھی آئیں کہ **و اللّٰہ لا یھدی القوم الظالمین** ۔ اللہ تعالیٰ ظالمین کو ہدایت نہیں کرتا۔ کون ہیں ظالمین آپ پہلے پڑھ چکے ہیں کہ وہ ہیں ظالم جنکے بارے میں اعراف پر کھڑے ہو کر علیؑ ندا کریں گے کہ **الا لعنتہ اللّٰہ علی الذین کذبو بولایتی و استخفوا بحقی** ۔ اللہ کی لعنت ہو اُن ظالموں پر جنہوں نے میری ولایت کو جھٹلایا اور میرے حق کو سبک سمجھا۔ کیا قرآن کی آیت **انما ولیکم اللّٰہ.... راکعون** .... اور قرآن کی آیت **اطیعو اللّٰہ و اطیعو الرسول... منکم** ۔ کے تحت علیؑ کا حق اللہ اور رسولؐ کے حق کے ساتھ ساتھ رسول کے اس فرمان کے مطابق کہ جہاں تم میں سے کوئی **لا الہ الا اللّٰہ محمد رسول** کہے **فلیقل علی ولی اللّٰہ (علی امیر المومنینؑ)** ۔ تو کیا وہ علیؑ کے حق کو سبک (ہلکا) نہیں سمجھ رہے جو **اشھد ان لا الہ الا اللّٰہ** تو کہتے ہیں اور **اشھد ان محمد رسول اللّٰہ** تو کہتے ہیں اور **اشھد ان علیا ولی**

اللہ نہیں کہتے۔

خُداوندِ لم یزل اُن لوگوں کی سزا بول رہا ہے جو ایمان تو لے آئے مگر پھر بھی ایمان کا انکار کر رہے ہیں۔

اولئک جزاوھم ان علیھم لعنتہ اللّٰہ و الملا ئکتہ و الناس اجمعین ٥.

اللہ تعالیٰ نے قرآن میں گناہوں کیلئے سزا اور نیکیوں کے لئے جزا رکھی ہے یہ کون لوگ ہیں جن کے بارے میں اللہ کہہ رہا ہے کہ ان کے نیک اعمال کی جزاء یہ ہے کہ ان پر اللہ لعنت کرتا ہے ان پر ملائکہ لعنت کرتے ہیں اور تمام انسان ان پر لعنت کرتے ہیں۔

ذرا سوچیئے کہ اعمال نیک کی جزا ہوتی ہے نماز، روزہ، حج زکوٰۃ، وغیرہ اور اللہ تعالیٰ کہہ رہا جو بھی ایمان لانے کے بعد پھر انکار کردے ایمان کا میں اُسکی نماز، روزہ، حج زکوٰۃ خمس جو بھی وہ عمل کرے گا ان پر لعنت کرتا ہوں۔

سرکارِ ختمی المرتبت رسولِ خدا کی حدیثِ مبارکہ امالی شیخ مفیدؒ میں صفحہ نمبر 144 مجلس نمبر 18 اور حدیث نمبر 3 ہے کہ حضرت محمد مصطفیٰؐ نے ارشاد فرمایا۔

الشاک فی فضل علی ابن ابی طالب یحشر یوم القیامتہ من قبرہ و فی عنقہ طوق من نار فیہ ثلا ثماۃ شعبتہ علی کل شعبتہ منھا شیطان یکلع فی وجھہ و یتفل فیہ ٥.

حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے فضائل میں شک کرنے والا قیامت والے دن اس حالت میں محشور ہوگا کہ اس کی گردن میں آگ سے بنا ہوا طوق ہوگا جس کے تین سو گوشے ہوں گے اور ہر گوشے میں ایک شیطان ہوگا جو منہ چڑا چڑا کر اس پر تھوکے گا۔

تو نتیجہ یہ نکلا کہ وہ جو لا الہ الا اللہ محمد اللہ علی ولی اللہ پڑھتے ہیں

وہ قول معصومؑ فلیقل امیر المومنینؑ لازم ہے کہ ساتھ علی ولی اللہ کی گواہی بھی دیں ورنہ ایمان کے بعد کے کافر کی سزا تو معلوم ہو گئی ہے ناں

آیت نمبر 3

سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر 110

ولا تجهر بصلوٰتک و لا تخافت بها وا تبع بين ذالک سبيلاً ٥.

(اے حبیب) بلند آواز سے نماز میں مت پڑھو (بصلوٰتک ب معنی فی) اور نہ چھپاؤ بلکہ درمیانی آواز میں پڑھو۔

(1)۔ تفسیر نور الثقلین جلد 3 صفحہ 235

(2)۔ تفسیر عیاشی جلد 2 صفحہ 319,342

(3)۔ بصائر الدرجات صفحہ نمبر 79

(4)۔ تفسیر البرھان جلد 3 نمبر صفحہ نمبر 453,454

عن جابر ابن ابی جعفرؑ

قال سئلته عن تفسير هذا ء الا يته فی قول

الله و لا تجهر بصلوتک و لا تخا فت بها و ابتغ بین ذ
الک سبیلاً ہ قا ل لا تجهر بو لا یته علی فهوا الصلوٰ
ۃ بما کر مته حتی انزل به و ذ الک قو له و لا تجهر
بصلا تک و اما قو له و لا تخا فت بها فا نه یقول و لا
تکتم ذا لک علیا یقول اعلمه بما اکر مته به فا ما قو له
و ابتغ بین ذالک سبیله قا ل تسئلی ان آذان لسان
تجهر با مر علی بولایته فا ذن له با ظهار ذا لک یوم
غد یر خم فهو قو له یو مئذ ا للهم من کنت مو لا ہ فعلی
مو لاء اللهم و ال من وا لاء د عا د من عاداء ہ .

ترجمہ:۔

اے حبیب نماز میں ولایت علیؑ کو بلند آواز سے نہ پڑھو لیکن علیؑ سے مت چھپاؤ پس درمیانی آواز سے پڑھو۔ ورنہ کا فرایذا دیں گے حتیٰ کہ اعلانیہ پڑھنے کا جب تک حکم نہ دوں پس یہ اجازت یوم غدیر خم پر مل گئی۔ پس جب رسولؐ نے من کنت مولا فھذا علیؑ مولا جس کا مئیں مولا اُس کا علیؑ مولا ہے، کا اعلان کر دیا اور فرمایا کہ اے اللہ اُسے دوست رکھ جو اسے دوست (علیؑ) رکھے۔ اسے دُشمن رکھ جو اس سے دُشمنی رکھے۔

صفحہ 453۔

عن ابی حمزہ الثمالی عن ابی جعفرؑ قال مسئلتہ عن قول اللّٰہ و لا تجہر بصلاتک و لا تخافت بھا دا بتغ بین ذالک سبیلا قال تفسیر ھا و لا تجہر بولایتہ علی ولا بما اکرمتہ بہ حتی امرک بذلک و لا تخافت بھا یعنی و لا تکتھا علیا بما اکرمتہ .

ترجمہ:۔

ابی حمزہ ثمالی نے مولا ابو جعفرؑ سے سوال کیا کہ اللہ کا قول و لا تجہر فرمایا اس کی تفسیر یہ ہے ولایت علیؑ کو بلند آواز سے نہ کہو اور نہ ہی اتنا آہستہ پڑھو کہ علیؑ نہ سن پائیں یعنی نہ آہستہ کہو بلکہ درمیانی آواز سے کہو تا کہ علیؑ سُنیں (علیؑ سے نہ چھپاؤ)۔

تشریح و تفسیر:۔

حضرت جابر انصاری نے سرکار باقر العلوم سے سوال کیا کہ آیت جو آپ کے نانا پر نازل ہوئی کہ نماز میں بالجہر نہ پڑھو اور نہ اس کو چھپاؤ بلکہ درمیانی آواز سے پڑھو وہ کیا اَمر تھا۔ رسول اللہؐ کے لیے امام علیہ السلام فرماتے ہیں۔

یا حابر لا تحھر بولایتہ علی فھو فی الصلوٰۃ اے حبیب نماز میں ولایت علیؑ کو بلند آواز سے نہ پڑھو۔ و لا تکتم ذالک علیا

۔لیکن علیؑ سے مت چھپاؤ۔ پس درمیانی آواز سے پڑھو ورنہ کافر ایذا دیں گے حتی کہ اعلانیہ پڑھنے کا جب تک حکم نہ دوں۔

فاذن لہ باظہار یوم غدیر خم ہ۔

پس یہ اجازت یوم غدیر خم مل گئی اور اللہ تعالی نے اُونچی آواز میں علیؑ کی گواہی کی اجازت دے کر اپنے حبیب محمد مصطفیٰؐ کو یہ گارنٹی بھی دی کہ اے میرے حبیب آپ بلا خوف و خطر علیؑ کی گواہی دو میں اللہ = و اللہ یعصمک من الناس۔

سورہ مائدہ آیت نمبر 67۔ اَب لوگوں سے خوف زدہ ہونے کی ضرورت نہیں میں اللہ کافروں کی ایذا رسانی سے تجھے محفوظ رکھوں گا۔

تفسیر عیاشی اور تفسیر صافی، تفسیر برھان، میں یصلوالک ولایتہ علی با لصلوٰۃ ۔کے الفاظ بھی ہیں اس کے معنی بھی نماز میں ولایتِ علیؑ کی گواہی کا اقرار کرنا ہے کیونکہ با کے معنی فی ہوتا ہے۔اور تفسیر نور الثقلین جلد 3 صفحہ 235 پر لا تجھر بو لایتہ علی فھو فی الصلوٰۃ ۔کے لفظ ہیں۔

ذرا سوچیئے یہ تھی وہ پہلی نماز اِعلان غدیر کے بعد مقام غدیر مین جس میں تفسیر البرھان وغیرہ کے مطابق اعلان ہو رہا تھا۔علیؑ ولی اللہ کا بالجہر اُونچی آواز سے اَب سلیمان ابوذر مقداد بھی تھے جو لوگوں کو بلا بلا کر بتا رہے تھے حی علی خیر العمل ولایت علیؑ کیطرف بقول شیخ صدوق حی علیٰ خیر العمل ولایت علیؑ کی طرف بلاتا ہے کوئی تھا جس نے کہا میں نماز میں بسم اللہ نہیں پڑھتا کہ یہ علیؑ کا نام ہے میں وہ نماز کیسے پڑھوں جس میں واضح علیؑ کی ولایت کی گواہی ہو وہ امیر شام اکڑتا ہوا منہ موڑ کر چلا میدانِ غدیر سے کہ نہ پڑھوں گا میں علیؑ کی ولایت والی نماز اللہ تعالی نے آیت نازل کی۔

فلا صدق و لا صلی و لکن کذب و تولی ثم ذ هب الی اهله یتمطی اولی لک فآ ولی ثم اولی لک فاولی.

(سورہ القیامہ آیت نمبر ۳۱ تا ۳۴)

اس نے نہ تو گواہی دی اور نہ نماز پڑھی بلکہ جھٹلایا منہ موڑ کر اپنے گھر کی طرف اکڑتا ہوا چلا گیا افسوس پھر افسوس تیرے لیے۔

لمحہ فکریہ

خدا را مولویوں کے چکر سے باہر نکلو غور کرو یہ امیر شام مکہ سے لیکر غدیر تک رسولؑ کے ساتھ رہا نمازیں بھی پڑھیں اگر رسولؑ سے دشمنی تھی تو راستے میں جتنی نمازیں تھیں رسول کا نام تو اُن میں تھا یہاں غدیر والی نماز نہ پڑھنا اکڑ کر گھر جانا رسولؑ کی با جماعت نماز میدان غدیر والی سے منہ موڑ لینا ولایت علیؑ کی گواہی کے علاوہ کون سی بات ہے بتاؤ اور تم نہیں بتا سکتے تمہارے پاس کوئی عذر نہیں کیوں۔۔۔

(1) رسولؑ بھی موجود ہوں۔

(2) وقت نماز بھی ہو۔

(3) رسولؑ کو جھٹلاتا ہوا چلا جائے۔ امیر شام کیا یہ صرف علیؑ کی ولایت کی گواہی کی وجہ نہیں۔

نتیجہ

آج کی یہ نماز جو میدان غدیر خم میں تھی اس نماز میں اور پہلے والی نمازوں میں فرق تھا پہلے رسولؐ **ولا تجھر** کے تحت آہستہ پڑھتے تھے **اشھد ان علی ولی اللہ** آج کی نماز میں بالجہر پڑھا ولایت علیؑ کی گواہی کی وجہ سے جو نماز چھوڑ دے یا اُس کے گروہ میں شامل ہو جاؤ یا پھر مومن بن کر ولایت علیؑ والی نماز پڑھو۔

اَب ذرا فیصلہ سُنتا اللہ تعالیٰ نے رسولؐ کو حکم دیا کہ **یا یھا الرسول بلغ ما نزل الیک من ربک و ان لم تفعل فما بلغت رسالته و اللہ یعصمک من الناس ان اللہ لا یھدی القوم الکفرین**

ترجمہ:۔ اے رسولؐ جو پیغام آپؐ پر نازل کیا گیا ہے تمہارے رَبّ کی طرف سے اگر آپؐ نے اُسے عملاً نہ کیا تو تو نے گویا کہ اس کی رسالت کا کوئی کام ہی نہیں کیا ہاں اللہ آپؐ کو لوگوں کے شر سے محفوظ رکھے گا بے شک اللہ کافروں کو ہدایت نہیں کرتا۔

اَب میرے خیال میں اپنی رائے کی بجائے معصوم کا فرمان لکھ دینا کہیں افضل ہے غور کیجئے۔

<u>تفسیر البرھان فی القرآن العلامتہ الخیر السید ہاشم الحسینی البحرانی جلد ۲ (طبع قم ایران عربی) صفحہ نمبر ۱۸۸</u>

ابن بابویہ نے علی بن احمد بن عبداللہ البرقی نے محمد بن خالد نے سہل بن مرزبان الفارسی نے محمد بن منصور امام محمد باقرؑ سے روایت کی ہے کہ :

و لقد انزل الله عز و جل یا ایها الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک یعنی فی و لاتیک یا علیؑ و ان لم تفعل فمابلغت رسالته و لو لهم ابلغ ماء مزت بفمن وِلایتک لحبط عمل و من لفی الله عز و جل بغیر و لائتک فقد حبط عمله.

آنحضورؐ نے ارشاد فرمایا۔اے علیؑ مجھے تمہاری ولایت کے اعلان کا حکم دیا گیا ہے اگر مَیں ولایت کا اعلان نہ کروں گا تو وہ **لحبط عملی** میرے اعمال حبط کرلے گا اور جو کوئی تمہاری ولایت کے بغیر اعمال بجالائے گا تو وہ اُس کے اعمال بھی حبط کرے گا (**بغیر ولاتیک فقط حبط عمله**)

مجھے تو یُوں لگتا ہے کہ یا تو عقل سے اندھوں نے قرآن پر غور نہیں کیا یا پھر دُشمنی علیؑ میں ڈنڈی ماری ہے ورنہ 2+2=4 ہی ہوتے ہیں اِتنے واضح فرمان کے بعد جس میں رسولؐ کے اعمال ولایت علیؑ کی گواہی کے بغیر بیکار ہوجائیں کسی اَیرے غیرے کے اعمال کی تو دُھول ہی نظر نہیں آئے گی۔

تفسیر فرآت علامہ فُرات بن ابراہیم کوفی صفحہ نمبر 362 تا 363۔تفسیر ھدی المتقین صفحہ نمبر 593 السید ابو محمد ابو الحسین فاطمی النقوی۔المیزان العقائد والاعمال سورہ القیامت۔

عمار بن یاسرؓ سے روایت ہے کہ مَیں ابن عباس کی مجلس میں بیٹھا تھا ابو ذر غفاریؓ کے ساتھ۔وہ بالوں سے بنے ہوئے خیمہ میں قیام فرمارہے تھے لوگوں سے باتیں کررہے تھے ابوذر غفاریؓ کھڑا ہوگیا۔خیمہ کے ستون کو ہاتھ مار کر کہا۔

"اے لوگو ! جو شخص مجھے جانتا ہے سو جانتا ہے اور جو نہیں جانتا اُس کو مَیں اپنے نام سے آگاہ کرتا ہوں مَیں جندب بن جنادہ ابوذر غفاریؓ ہوں۔ مَیں خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وَ آلہ وسلم کا واسطہ دے کر تم سے پوچھتا ہوں تم نے رسول اللہؐ کو یہ کہتے سُنا تھا کہ۔ آسمان کے نیچے اور زمین کے اوپر ابوذرؓ سے زیادہ سچا کوئی نہیں ہے لوگوں نے کہا ہاں ایسا ہے۔ کہا اے لوگو! جانتے ہو رسول اکرمؐ نے غدیر خم کے روز ہمیں 1300 آدمیوں کو جمع کیا اور فرمایا

من کنت مو لا ہ فعلی مو لا ہ اللهم و ا ل من او لاہ و عا د من عا دہ وا نصر من نصر ہ و اخذل من خذ لتہ .

ترجمہ:۔ جس کا مَیں مولا اُس کا علیؑ مولا۔ اے میرے اللہ اُس کو دوست رکھ جو علیؑ کو دوست رکھے اُس سے دشمنی کر جو علیؑ سے دشمنی کرے اُس کی مدد کر جو اس کی مدد کرے اور اُس کو چھوڑ دے جو علی علیہ السلام کو چھوڑ دے۔

ایک شخص (عمر) نے کھڑے ہو کر کہا۔ اے فرزندِ ابو طالب علیہ السلام تمہیں مبارک ہو تم میرے اور کُل مومنین اور مومنات کے مولاؑ ہو گئے۔

اِس بات کو سُنا تو مغیرہ بن شعبہ کا سہارا لیکر کھڑا ہوا اور کہنے لگا۔

مَیں علی علیہ السلام کی ولایت کا اقرار نہیں کروں گا اور نہ محمد صلی اللہ علیہ وَ آلہ وسلم کی اِس بات میں تصدیق کروں گا۔ خداوند عالم نے ذیل کی آیت نازل کی۔

فلا صد ق و لا صلی و لکن کذ ب وتوی ثم الی اهله یتمطی ا و لی لک اولی .

اُس نے نہ تصدیق کی اور نہ نماز پڑھی بلکہ جھٹلایا اور مُنہ پھیر کر اپنے اہل وعیال کی طرف اکڑتا ہوا گیا پھر افسوس ہے تیرے لئے پھر افسوس ہے خدا کی جانب سے تجدید

ہے سب نے کہا۔ ہاں۔ YES

حذیفہ یمانیؓ کا بیان ہے اِس تفسیر فرات صفحہ نمبر 364 تا 365 پر کہ۔" مَیں رسول اللہؐ کے سامنے بیٹھا ہوا تھا۔ غدیر خم کے مقام پر سواری سے اُتر پڑے مہاجرین اور انصار سے مجلس کھچا کھچ بھری ہوئی تھی رسول اللہ نے کھڑے ہو کر فرمایا۔۔۔۔۔

اے لوگو ! خدا نے مجھے حکم دیا ہے۔۔۔**یا ایھا الرسول الخ** ۔اے رسولؐ وہ بات پہنچا دو جو تم پر نازل ہوئی تیرے ربّ کی طرف سے اگر تم نے یہ کام نہ کیا تو کارِ رسالت انجام نہیں دیا۔ مَیں نے اپنے دوست جبرائیلؑ سے کہا کہ قریش مجھے ایسی ویسی باتیں کہتے ہیں ربّ کی طرف سے خبر آ گئی۔ **واللّٰہ یعصمک من الناس** ۔خدا تمہیں لوگوں کے شر سے بچائے گا۔ علیؑ کو بلایا اپنی دائیں طرف کھڑا کیا اور فرمایا۔۔۔۔۔

اے لوگو! کیا تم جانتے ہو کہ مَیں تم سے افضل ہوں اور تمہاری جانوں کا مالک ہوں! کہا ہاں۔۔۔فرمایا اے لوگو۔۔۔ **من کنت مولاہ فعلی مولاہ** ۔ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہؐ اِس کا کیا مطلب ہے۔؟

فرمایا : **من کنت بنبیه فعلی امیر** ۔جس شخص کا مَیں نبی ہوں علیؑ اُس کے امیر ہیں۔

اللھم وال من والاہ وعاد من عاداہ وانصر من نصر من نصرہ وخذل من خذلہ .

حذیفہؓ نے کہا خدا کی قسم مَیں نے معاویہ کو دیکھا کہ وہ اکڑتا ہوا اُٹھا ناراض ہو کر نکلا اس کا دایاں ہاتھ عبداللہ بن قیس اشعری کے کندھے پر اور بایاں ہاتھ مغیرہ بن شیبہ کے

کندھے پر تھا پھر آہستہ آہستہ چلنے لگا اور کہا۔ مَیں محمدؐ کی بات کی تصدیق نہیں کروں گا

۔اور علیؑ کی حاکمیت کا اقرار ہرگز نہ کروں گا۔

خدا نے یہ آیت نازل کی۔

فلا صدق و ه صلی .... الخ۔

رسول اللہؐ نے معاویہ کو قتل کرانا چاہا جبرائیلؑ نے کہا **لا تحرک به لسانک تعجل به ہ** ۔تم اس کے ساتھ اپنی زبان کو اس غرض سے حرکت نہ دو کہ اسے جلد ادا کرو

رسول اللہؐ خاموش ہو گئے۔ صفحہ نمبر 365

بس رسول اللہؐ جب ذرج بالا طرز سے پریشان ہوئے تو خالق کائنات نے سورہ المائدہ

آیت نمبر ۳ میں فرمایا۔

الیوم یئس الذین کفر و من دینکم فلا تخشو هم و اخشو ن .

آج کے دن کچھ لوگ جو تمہارے دین سے مایوس ہو کر کافر ہو چکے ہیں پس ان

سے مت ڈرو مجھ سے ڈرو۔

اے میرے حبیب سورہ المائدہ آیت نمبر ۳

الیوم اکملت لکم دینکم و اتممت علیکم نعمتی و رضیت لکم الاسلام دینا.

ذرا غور سے صفحہ نمبر 46 تا 61 دوبارہ پڑھیئے اور فیصلہ کیجئے کہ جس وقت آیہ بلغ ما

۔۔۔الخ۔ پر رسول اللہؐ نے عمل کرتے ہوئے علیؑ کی ولایت کا اعلان اور پھر فعلاً اپنی نماز

میں ولایت علیؑ کی شہادت / گواہی دے دی تو منافق ولایت علیؑ سے دشمنی اور حسد کیوجہ سے دین محمدی سے مایوس ہو کر نصِ قرآن سے کافر ہو گئے تو رسول اللہؐ نے ولایت علیؑ کو بالجہر پڑھنے کے احکامات جاری کر دیئے تو دشمن علیؑ (جسکی وضاحت آپ پہلے پڑھ چکے ہیں) رسول اللہؐ کے حکم من کنت مولا فعلی مولا کی تصدیق کیے بغیر دشمنی کی آگ میں جلتا ہوا رسول اللہ اور اللہ کے حکم کو جھٹلاتا ہوا چلا تو سلیمان و ابوذر، مقدادؓ جیسے مَلنگ مزاج اصحاب نے نعرہ ولایت کی پکار کی تو غدیر کی فضا میدان غدیر **اشهد ان عليا ولی الله** کی آوازوں سے معطر ہو گیا تو اللہ تعالیٰ نے بھی اس پُر معطر فضا میں اپنی آواز کو جبرائیلؑ کے ذریعے سے غدیر میں پہنچایا کہ اے رسولؐ **اليوم اكملت لكم دينكم و اتممت عليكم نعمتی و رضيت لكم الاسلام دينا۔**

اے میرے حبیب آج کے دن مَیں اللہ نے ولایت علیؑ، سے تیرا دین مکمل کر دیا ہے اور آپ پر نعمتیں تمام کر دیں اور اَب مَیں تیرے دین اسلام (ولایت علیؑ) سے راضی ہوں۔

<u>تفسیر البرھان ھاشم البحرانی جلد اوّل صفحہ نمبر 445۔</u>

نوٹ !

جن جن مستند کتابوں میں خطبہ غدیر ہے اُن میں یہ بات بھی ہے کہ

نزلت هذاء الا يته اليوم اكملت لكم دينكم و اتممت عليكم نعمتی و رضيت لكم الاسلام دينا . فقال رسول الله صلی الله عليه وَ آله و سلم الله اكبر

علی اکمال الدین و اتمام النعمته و رضی الرب بر سالتی و الولایته لعلی ہ.

حمد ہے اللہ کی (جو اکبر ہے) دین اسلام مکمل کرنے اور نعمتیں تمام کرنے پر میری رسالت اور علیؑ کی ولایت پر راضی ہونے پر اَب غور کرو سوچو اور فیصلہ کرو اللہ تعالیٰ نے تمہیں دین میں تدبر حاصل کرنے غور و فکر کرنے کا حکم دیا ہے کہ جب اللہ راضی ہی اُسی دین سے ہوتا جس میں رسول اللہؐ کی گواہی کے ساتھ علی ولی اللہ کی گواہی بھی ساتھ ہو تو کیا اذان و اقامت ۔نماز۔تشہد۔کلمہ یہ دین کا حصہ ہیں یا دین اِنکا حصہ ہے۔بار بار پڑھو اور سوچو۔

کتاب بحار الانوار جلد نمبر 35 صفحہ نمبر 341۔علامہ باقر مجلسیؒ

عن امام الباقر علیه السلام التسلیم بعلی ابن ابی طالب بالولایته۔

حضرت امام باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ اسلام نام ہی علیؑ ابنِ ابی طالبؑ کی ولایت کا ہے۔

تاویل آیات الظاہرہ من نمبر 813 جلد نمبر 2۔علامہ شرف الدین نجفی۔

قال امام صادق آل محمد علیه السلام ۔ الدین ولایته علی ابن ابی طالبؑ ہ۔

ترجمہ:۔ دین سے مُراد ولایتِ علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام ہے۔

انوارِ نعمانیہ جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 296 علامہ نعمت اللہ جزائری محدث کبیر اور کتاب زہرالبریع میں ہے کہ

ان تذکر حیت ماذکرة۔

حدیثِ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

اے علیؑ مَیں نے اللہ سے سوال کیا ہے کہ **یا علیؑ سئالت ربی ان تذکر حیث ماذکرۃ۔**

اے علیؑ مَیں نے اللہ سے سوال کیا جہاں جہاں میرا ذکر ہو وہاں وہاں آپؑ کا ذکر بھی ہو ۔رسول اللہؐ نے فرمایا بس اللہ نے کر دیا کہ جہاں میرا ذکر ہوگا وہاں تیرا بھی ساتھ ہوگا۔

آگے علامہ نعمت اللہ جزائری لکھتے ہیں کہ

قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وَ آلہ وسلم ذکر علیؑ معی اسمی مثل ھاتین فاذا کرت اسمی فاذکر اسم علی ٭ قال رسول اللّٰہ سرکار رسول اللّٰہ نے فرمایا۔

ترجمہ:۔

"علیؑ کا ذکر میرے ذکر کے ساتھ اسطرح کرو جس طرح یہ دو اُنگلیاں آپس میں ملی ہوئی ہیں پس جب بھی میرا ذکر کرو تو علیؑ کا ذکر بھی ساتھ ضرور کرو۔

نتیجہ کلام :

یا تو نماز میں تشہد میں اذان میں اقامت میں کلمہ میں رسول اللہ کا نام بھی نہ لو اور یا پھر علیؑ کا بھی ساتھ لو۔

رسول اللہ کا نام نہ لیا تو پھر اپنا دین اسلام اور مومنیت بھی تلاش کرنا کہاں ہے۔

آیت نمبر 4

سورہ العنکبوت آیت نمبر 15

ان الصلوٰۃ تنھیٰ عن الفحشاءِ و المنکر ولذکر اللہ اکبر ہ.

ترجمہ: یقیناً نماز (صلوٰۃ) روکتی ہے (منع کرتی ہے) برائیوں سے گناہوں سے البتہ اللہ کا ذکر اس سے بھی بڑا ہے۔

مَیں آپ کو سینکڑوں بلکہ ہزاروں ایسے لوگ بتا سکتا ہون جو نماز بھی پڑھتے ہیں شراب بھی پیتے ہیں۔ نماز بھی پڑھتے جواء بھی کھیلتے ہیں۔ نماز بھی پڑھتے ہیں زنا بھی کرتے ہیں۔ نماز بھی پڑھتے ہیں اور طرح طرح کی بُرائیاں بھی کرتے ہیں۔

اُچھا ایک بات ایمان سے سوچ کر خود اپنے آپ کو بتاؤ کہ کیا ہر نمازی علیؑ سے محبت رکھتا ہے-----

اور اگر جو علیؑ سے محبت نہیں رکھتا۔

سورہ الانعام آیت نمبر 160

من جآءَ بالحسنتہ فلہ عشرہ امثالھا ہ .

ترجمہ: جو ایک حسنہ لائے اُس کے لئے اُسکی مثل دس کا ثواب ہے۔

تفسیر قمی جلد 2 صفحہ نمبر 131۔

قال الصادق علیہ السلام الحسنتہ و اللہ ولایتہ .

ترجمہ: امیر المومنین علیہ السلام۔ خدا کی قسم حسنہ سے مراد ولایت امیر المومنینؑ علیؑ ہے۔

مسجد نبوی میں رسول اللہؐ سے لوگوں سے سوال کیا مولا یہ حسنہ کیا ہے اِس اثنا میں علیؑ مسجد کے دروازے سے داخل ہوئے سرکار رسالتمابؐ نے امیر المومنین علیؑ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا۔

یا علیؑ حبک حسنته لا تضر معها سیئته و بغضک سیّئته لا تنفع معها حسنته .

ترجمہ:۔ یا علی علیہ السلام تیری محبت وہ نیکی ہے جس کے ہوتے ہوئے دُنیا کی کوئی برائی نقصان نہیں دے سکتی تیری دُشمنی وہ برائی ہے جسکی موجودگی میں دُنیا کی کوئی نیکی فائدہ نہیں دے سکتی۔

اَب ذرا غور کرو وہ ذرا ایک شخص نماز بھی پڑھ رہا ہے دل میں محبتِ اہل بیتؑ بھی نہیں اہلِ بیتؑ کی دُشمنی اور پڑھے نماز۔

کتاب ثواب الاعمال وعقاب الاعمال۔ طبع ایران شیخ صدوقؒ ۔

صفحہ نمبر 453 حدیث نمبر 18۔

الــنا صب لنا اهل البیت لایبالی صام ام صلی زنا ام سرق انه فی النار انه فی النار.

امام جعفر صادقؑ !

ہم اہلِ بیتؑ کے ساتھ دُشمنی رکھنے والے میں فرق نہیں ہے کہ وہ روزے رکھتا ہو نمازیں پڑھتا ہو یا زنا اور چوریاں کرتا ہو وہ حتماً جہنمی ہے وہ یقیناً جہنمی ہے۔

اَب قرآن کہتا ہے کہ الصلوٰۃ (نماز) روکتی ہے بُرائی سے اور بے حیائی سے آیت کا یہ پہلا حصہ ہے۔

مگر ہم وارثان قرآن کی زبانی یہ پڑھ چکے ہیں کہ اگر ولائے آلِ محمدؑ محبت علی ؑ اور اولادِ علیؑ اگر دِل میں ہے نہیں تو نماز بجائے خود زنا سے اتر ہے۔

اب اِسی آیت میں اللہ تعالیٰ نے صلوٰۃ (نماز) کو الگ گنا اور ذِکر اللہ کو علیحدہ الصلوٰۃ (نماز) وہ ہے جو فحش اور منکرات سے روکتی ہے اور اللہ کا ذِکر اُس سے بڑا ہے نماز جتنی بھی بڑی ہوجائے اسے اللہ اپنا ذِکر نہیں مانتا۔

صلوٰۃ (نماز) اور ذِکر اللہ۔

ذِکر اللہ صلوٰۃ سے (نماز) بڑا ہے بس اکبر ہے عام آدمی نے نہیں کہا جس کی کبریائی کی گواہی ہم دیتے ہیں اللہ اکبر کہہ کر وہ اللہ کہہ رہا ہے میرا ذِکر بڑا ہے۔ اکبر جسے اکبر کہے وہ کتنا اکبر ہوگا۔

اَب نمازی نماز بھی پڑھ رہا ہے چوری بھی کر رہا ہے۔ شراب بھی پی رہا ہے جواء بھی نہیں چھوڑا۔ کیوں نہیں روک رہی نماز اپنے نمازی کو برائیوں سے۔

ضمیمہ مقبول قدیم امام صادق آلِ محمدؑ کا قول ہے بحوالہ تفسیر قمی۔ صفحہ 412

الصلوٰۃ و لایتنا و الفحش و المنکر اعدءنا .

ترجمہ:۔ نماز ہماری ولایت ہے اور فحش اور منکر ہمارے دُشمن کا نام ہے۔

اب تفسیر فرات صفحہ 39 اور معجزات آلِ محمدؑ۔

فرمان امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ !

جس کے دِل میں ہمارے غیر کی محبت ہے وہ ہمارا قاتل ہے۔

اَب فرمان امام ششم۔ الصلوٰۃ ہے ہی ولایت علیؑ جس کے ہوتے ہوئے کوئی برائی نقصان نہیں دے سکتی۔

اَب ذرا آیت کا دوسرا حصہ مُلاحظہ فرمائیں۔

ولذکر اللّٰہ اکبر۔ اللہ کا ذکر اس سے بڑا فرمانِ معصوم ہے کہ

الذکر امیر المومنین و ھو اکبر من الصلوٰۃ.

ذکر نام ہے امیرِ کائنات کا علی ابن ابی طالبؑ کا اور وہ صلوٰۃ (نماز) سے بڑا ہے۔

ذرا ذکر اللہ کے بارے میں قرآن کی آیات لکھنے سے پہلے ہم یہ دیکھتے ہیں کہ قرآن مجید میں الصلوٰۃ (نماز) کے بارے میں وہ آیات دیکھتے ہیں جن میں نماز اور ذکر اللہ کا ذکر آیا ہے۔

سورہ نور آیت نمبر 37۔

رجال لا تلھیھم تجارۃ و لا بیع عن ذکر اللّٰہ و اقام الصلوٰۃ ہ.

کچھ لوگ ایسے ہیں جنہیں تجارت اور بیع فروخت نہ اللہ کے ذکر سے روکتی ہے نہ الصلوٰۃ (نماز) قائم کرنے سے روکتی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ذکر اللہ کو پہلے گنا پھر الصلوٰۃ (نماز) کو بعد میں الگ الگ گنا اِس امر کی دلیل ہے کہ ذکر اللہ اور ہے صلوٰۃ (نماز) اور ہے۔

بالکل اِسی طرح سورہ جمعہ میں اِرشادِ ربُ العزت ہے کہ سورہ جمعہ آیت نمبر 9۔

یایھا الذین امنوا اذا نودی للصلوٰۃ من یوم الجمعہ فاسعوا الی ذِکر اللّٰہ و ذروا البیع ہ.

جب ندا دی جائے صلوٰۃ (نماز) کے لئے یوم جمعہ کی طرف سے تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑ پڑنا اور بیع کو چھوڑ دینا۔

یہاں بھی (بیع) کہا اور بیع کہتے ہیں بیچنے کو خریدنے کو نہیں صرف بیع وہاں بھی بیع اور یہاں بھی بیع۔ یہ بیع ہے کیا۔ بیع کے معنی بیعت۔

اے ایمان والو جب اللہ کی حجت آخری امام آپکو پکارے (ذکراللہ) نحن ذکر اللّٰہ ۔تو ساری کی ساری بیعتیں چھوڑ دینا کسی عالم مُرشد پیر کی نہ ماننا اللہ کی حجت کی طرف دوڑ پڑنا اس میں تمہاری فلاح ہے۔

سورہ المجادلہ آیت نمبر 19۔

استحوذ علیھم والشیطن فانسھم ذکر اللّٰہ ہ.

اِن پر شیطان نے غلبہ پالیا اور اِنہیں ذِکر خُدا بُھلا دیا۔

<u>اور اللہ کا حکم ہے کہ سورہ طٰہٰ آیت نمبر 14۔</u>

واقم الصلوٰۃ لذکری ہ.

اور میرے ذِکر کے لئے نماز قائم کرو۔

سورہ البقرہ آیت نمبر 152۔

فاذکرونی اذکرکم۔تم مجھے یاد کرو مَیں تمہیں یاد کروں گا۔

(1)۔اُصول کافی۔محمد بن یعقوب کلینی پُرانا ایڈیشن جلد نمبر 4۔صفحہ نمبر 397۔

(2)۔تفسیر البرحان صفحہ 151 تا 152 مقدمہ البرحان۔

(3)۔ضمیمہ مقبول قدیم صفحہ نمبر 412 جلد نمبر 3، صفحہ 253۔

نحن ذکر اللّٰہ و نحن اکبر۔

ذکر خدا ہم ہیں اور ہم ہی اکبر ہیں (فرمان امام محمد باقر علیہ السلام)

ضمیمہ مقبول صفحہ نمبر 412۔تفسیر البرحان۔اصول کافی جلد 4 صفحہ 254 طبع قدیم۔

فرمانِ امام محمد باقر علیہ السلام

ہمارا ذکر اللہ کا ذکر ہے اور ہمارے دُشمن کا ذکر شیطان کا ذکر ہے۔

نماز (الصلوٰۃ) کے باطنی نام

کتاب مشارق انوار الیقین فی اسرار امیر المومنین صفحہ 24۔حافظ علامہ رجب البرسی + القطرہ جلد اوّل صفحہ 358۔

(1)۔ الصلوٰۃ الظھر ھو رسول اللہ۔

ترجمہ:۔ کہ نمازِ ظہر رسول اللہ ہیں۔

(2)۔ الصلوٰۃ العصر ھو امیر المومنینؑ.

ترجمہ:۔ نمازِ عصر امیر المومنین علیہ السلام ہیں

(3)۔ الصلوٰۃ المغرب ھی فاطمہ الزھراؑ.

ترجمہ:۔ نماز مغرب فاطمۃ الزہراؑ ہے۔

(4)۔ الصلوٰۃ العشاء ھو الحسنؑ.

ترجمہ:۔ نمازِ عشاء سرکارِ حسنؑ سے منسوب ہے۔اور

(5)۔ الصلوٰۃ الفجر ھو الحسین علیہ السلام.

ترجمہ:۔ نمازِ فجر سے مُراد ہے امام حسین علیہ السلام۔

یہی وجہ تھی کہ حضرت علامہ خمینیؒ نے اپنی کتاب پرواز در ملکوت جلد 1 صفحہ 24 پر لکھا کہ امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ۔

نحن صلوٰۃ المومن.

انا صلوٰۃ المومنین.

ترجمہ:۔ہم ہیں چہاردہ معصومینؑ جو اصل میں مومنین کی اصل نماز ہیں۔

مومنین کرام !

بات تو واضح ہو چکی مگر پھر بھی تھوڑی سی وضاحت اور اگر کر دی جائے ذکر کی

رسول اکرمؐ کی شہرہ آفاق حدیث مبارکہ ہے کہ

ذکر علیؑ عبادہ۔ علیؑ کا ذِکر عبادت ہے

اُم المومنین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم نے فرمایا۔

زینوا مجالسکم بذکر علی ابن ابی طالبؑ لان ذکرہ ذکری و ذکری ذکر اللہ و ذکر و اللہ عبادہ.

ترجمہ:۔

اپنے مجالس کو ذکر علیؑ سے زینت بخشو کیونکہ علیؑ کا ذکر میرا ذکر ہے میرا ذکر اللہ کا ذکر ہے اور اللہ کا ذکر عبادت ہے۔

اَب وما ینطق کے مصداق رسولؐ فرمائیں کہ علیؑ کا ذکر اللہ کا ذکر ہے۔اور اللہ تعالیٰ سورہ طہٰ میں فرمائے اقم الصلوٰۃ لذکری ۔نماز کو قائم کرو میرے ذکر کے لئے مولوی کہتا ہے علیؑ کے نام سے نماز نہیں ہوتی ۔پتہ نہیں وہ مولوی کی نماز کون سی ہے جو اللہ اُسکے رسولؐ محمدِ مصطفیٰؐ کے حکم سے باطل ہوتی ہے۔

نوٹ۔

اچھا آؤ خدا اور رسولؐ کو حاظر ناظر جانتے ہوئے ایک سوال کا جواب دے دو

۔کہیں کسی ایک روایت میں دِکھادو اگر دِکھا سکتے ہوتو کہ اللہ کا ذِکر محمدؐ کاذکر ہو محمدؐ کاذکر علیؑ کاذِکر ہونہیں دکھا سکتے تو آؤ۔۔۔۔

یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ کہتے جاؤ علیؑ کاذِکر بھی ہو جائے گا محمدِ مصطفیؐ کاذکر بھی ہو جائے گا اور ذکر اللہ۔ اللہ کاذِکر بھی ہو جائے گا۔

مصنف کی ذاتی رائے۔

چونکہ علی علیہ السلام کا ذِکر رسولؐ کا ذِکر اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر اللہ کاذکر اور اللہ کا ذکر ہے عبادت ہے اَب اگر نماز میں علیؑ علیؑ علیؑ۔۔۔ علیؑ بھی کرتے رہو اللہ کی عبادت ہو جائے گی۔

بقول کس۔

ہم نامِ کبریا ہیں حق کے علیؑ ولی
چاہے خُدا کرو چاہے علیؑ علیؑ

اَب ذرا شیطان کے بارے میں بھی سُن لو اللہ تعالیٰ کا حکم ہے قرآن میں۔

سورہ المائدہ آیت نمبر 91۔

انما یرید الشیطن ان یوقع بینکم العداوۃ والبغضآء فی الحمر والمیسر ویصدکم عن ذکر اللہ وعن الصلوٰۃ.

ترجمہ: شیطان کا اِرادہ یہ ہے کہ وہ تمہارے درمیان عداوت اور دُشمنی ڈالنا چاہتا ہے اور شیطان تمہیں اللہ کے ذِکر سے بھی روکتا ہے اور الصلوٰۃ (نماز) سے بھی روکتا ہے۔

کیا شیطان لوگوں کو نماز سے روکتا ہے شیطان نے خود 6 لاکھ سال کی عبادت کی ہے جس میں 5 لاکھ 94 ہزار سال ہمارے اس عالم کی عبادت ہے اور 6 ہزار سال آسمانوں کی جب زمین ختم ہو گئی تاں شیطان کے سجدوں سے پھر پہاڑ پھر آسمان اوّل آسمان دوم۔ سوئم۔ اور آسمان چہارم پر عبادت کرتا رہا۔

اِس شیطان کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے قرآن میں۔۔

لا تتبعو الخطوات شیطان .

خبردار شیطان کے راستے پر نہ چلنا۔

کیا کہنا چاہتا ہے اللہ شیطان نماز تو اَب بھی پڑھتا ہے جملہ مذاہب کے علما کا اتفاق ہے اِس پر کہ شیطان نماز اَب بھی پڑھتا ہے اور اِس کا سب سے بڑا جال ہے ہی نماز یہ سب علماء کا فیصلہ ہے کہ شیطان بدعمل نہیں بدعقیدہ ہے۔

کیوں جو نبی اللہ نے کہا میرے ساتھ ساتھ میری حجت کو جھکو فوراً کہا تجھے جھکوں گا غیر اللہ کو نہیں یہ وہ پہلا قیاس تھا جو شیطان ملعون نے کیا اور اللہ نے اپنی بارگاہ سے نِکال دیا۔

اَب آیتِ ہے قرآن کی کہ شیطان اللہ کے ذکر سے بھی روکتا ہے اور الصلوٰۃ (نماز) سے بھی صلوٰۃ ولایت علیؑ اور ذکر اللہ ہے علیؑ۔

مومنو خبردار رہنا شیطان کا اِرادہ یہ ہے کہ وہ تمہیں علیؑ سے بھی دور کرے اور ولایت علیؑ سے بھی دُور کرے۔

اَب یہ آپ کی مَرضی ہے شیطان والی پڑھو یا علی والی پڑھو۔

آیت نمبر 5

سورہ المعارج آیت 33,34,35

والذین ھم بشھدتھم قائمون ہ والذین ھم علیٰ صلاتھم یحافظون ہ اُولئک فی جنت مکرمون .

اور وہ لوگ جو اپنی شہادتوں (کم ازکم تین) پر قائم ہیں وہی جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں وہی تو جنتوں میں باعزت رہیں گے۔

خالقِ کائنات کی نظر میں جنتی وہی لوگ ہیں جو شہادت پر قائم ہیں۔

عربی گرائمر میں صیغہ جمع کم ازکم تین یعنی دو سے زیادہ کے لئے بولا جاتا ہے اور اگر 2 مُراد ہو تو صیغہ تشنیہ آتا ہے۔

شھادۃ	۔شھادتین	۔شہادات
ایک گواہی	دو گواہیاں	کم ازکم تین گواہیاں یا زیادہ۔

میری اپنے جملہ قاریوں سے جو اِس کتاب کا مطالعہ کر رہے ہیں انتہائی مودبانہ گذارش ہے کہ الحمد سے لیکر والناس تک قرآن پاک کا غور سے مطالعہ کرو اللہ کی بے عیب کتاب میں کہیں بھی اگر میرے کسی قاری کو لفظ شھادتین مِل جائے تو میرا فون نمبر 0333-4953414 ہے اِس پر فون کر لینا میں بھی تمہارے ساتھ مِل کر نماز میں

گواہی کو دو شہادتوں تک محدود کرلوں گا ہاں اگر کہیں نہیں دکھا سکتے آپ اور نہ ہی مقصر مُلاں تو خدارا تھوڑا سا اپنے اوپر رحم کرو مولویوں کے چکر سے باہر نکلو اور قرآن اللہ کی کتاب کیمطابق جہاں جنتی لوگوں کی نشانی بھی یہی ہے کہ وہ شہادات کے قائل ہیں کم از کم تین شہادات۔

ا شــهد ا ن لا ا له الا ا اللّٰہ و ا حد ہ لا شر یک له

و اشــهـد ان مـحـمد ا عبد و و ر سـو له ا شهد ا ن عليا

ولی ا اللّٰہ و او لا د ہ ا لمعصو مین حجج اللّٰہ .

پڑھ کر شہادات پر عمل کر کے قرآن مقدس کی آیات کے منکر تو نہ بنو۔

لمحہ فکریہ

قرآن مقدس کا حکم ہے کہ سورہ مائدہ آیت نمبر 44,45,47 **مـن لم يحكم بما اُ نزل اللّٰہ فـا و ليک هم الكفرو ن ہ۔**

جو قرآن سے حکم نہیں دیتا وہ کافر ہے۔

من لـم يـحكم بما ا نز ل اللّٰہ فا و لئک هم الظلمون ہ.

جو قرآن سے حکم نہیں دیتا وہ ظالم ہے۔

و مـن لم يحكم بما ا نزل اللّٰہ فا و لئک هم الفـقـو ن .

جو قرآن سے حکم نہیں دیتا وہ فاسق ہے۔

ذرا سوچیئے اللہ تعالیٰ نے آپ کو عقل سلیم عطا کی ہے اور حکم دیا ہے قرآن میں دین میں تدبیر حاصل کرو غور و فکر کرو۔ قرآن کا بالکل واضح فیصلہ ہے کہ **لا تـزر و ز ر ة و ز ر لـخر**

ی۔ بروز قیامت کوئی بوجھ اُٹھانے والا دوسرے کا نہیں اُٹھائے گا یعنی ہر کسی کو اپنے اعمال کا حساب کتاب خود دینا ہے تو قرآن نے فیصلہ دیا کہ

(1)۔ جو بھی قرآن سے حکم نہیں دیتا وہ کافر ہے۔

(2)۔ جو بھی قرآن سے حکم نہیں دیتا وہ ظالم ہے۔

(3)۔ جو بھی قرآن سے حکم نہیں دیتا وہ فاسق ہے۔

(4)۔ الحمد سے والناس تک پورے قرآن میں کہیں کسی ایک جگہ پر شہادتین یعنی دو گواہیوں کا ذکر نہیں ہے۔

(5)۔ قرآن مقدس میں اگر جنتی کی اس دُنیا میں کوئی نشانی بتائی گئی ہے تو وہ ہے شہادات (کم از کم تین گواہیاں) پر قائم رہنے والے ہے

قرآن کے بارے میں علماء کا متفقہ فیصلہ ہے کہ قرآن اپنی گواہی خود دیتا ہے۔ یعنی اگر غور کرو کسی مسئلہ کو سمجھنا چاہو تو قرآن مجید اپنی آیات کی تشریح و تفصیل اپنی دوسری آیات کے ذریعے سے خود کرتا ہے۔ مثلاً سورہ المائدہ آیت نمبر ۵۵. **ا نما و لیکم اللّٰہ و ر سو لہ وا لـذ ین ا منو الذ ین یقیمون الصلوٰۃ و یو تو ن الز کوٰ ۃ و ھم را کعو ن .**

یقیناً (بے شک) ایک ولی تمہارا اللہ ہے دوسرا اُس کا رسولؐ اور تیسرا وہ جو نماز قائم کرتا ہے اور حالت رکوع میں زکوٰۃ دیتا ہے۔ ویسے تو پورا عالم اسلام اور کم از کم شیعہ اثنا عشریہ تو کوئی ہو ہی نہیں سکتا جو یہ بات تسلیم نہ کرے کہ۔

ایک ولی اللہ ہے۔ دوسرا اُس کا رسول (محمد مصطفیٰؐ) اور تیسرا ولی امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ ہے جس نے اللہ کے حکم کے مطابق حالت رکوع میں زکوٰۃ دی۔

__سورہ النساء آیت نمبر ۵۹۔__

یا یھا الذین امنو ا طیعو اللہ و اطیعو الر سو ل و او لی الا مر منکم .

اے ایمان والو اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی اور اولی الامر کی۔

یعنی اطاعت کرو اللہ کی اطاعت کرو محمد رسول اللہ کی اور اطاعت کرو اُولی الامر کی (امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ) کی اور اُن کی اولاد سے آئمہ طاہرینؑ کی۔

قرآن مقدس میں ارشاد رب العزت ہے کہ

(1) حکم قرآن سے لو۔

(2) شہادتیں 3 دو یا 3 سے زیادہ دو

(3) ولایت تین کی مانو۔ اللہ۔ رسولؐ اور علیؑ (اولادِ علی آئمہ طاہرینؑ)

(4) اطاعت تین کی کرو اللہ۔ رسولؐ۔ اور علیؑ۔

__تشہد__

آقائی علی خامنہ ای نے اپنی کتاب۔ نماز کی گہرائیاں صفحہ نمبر 98 باب تشہد — تشہد نماز آیت اولی الامر کے تحت پڑھا جاتا ہے **اطیعو اللہ و اطیعو الرسول و اولی الا مر منکم** ۔ اطاعت اللہ کی کرو اطاعت رسولؐ کی اور اولی الامر کی کرو۔ مذہب امامیہ کے ہر عالم نے اولی الامر سے مراد علی ابن ابی طالب علیہ السلام ہیں اور آئمہ طاہرینؑ ہیں۔

تو اَب تیسری گواہی **اشھد ان امیر المو منین علی ولی اللہ**

و اولا د ہ حُجج اللّٰہ ۔کہنا بھی ضروری ہے بلکہ لازی ہے

القطرہ جلد دوم ،صفحہ 59۔تاویل آیات ،جلد 1 صفحہ 24۔تفسیر البرہان جلد 1 صفحہ 44۔کتاب التوحید صفحہ 191 علامہ شیخ صدوق ؒ۔کتاب معانی الاخبار جلد 1 صفحہ نمبر 43 شیخ صدوق ؒ۔حضرت امام ششم سے کسی نے اللہ کے معنی دریافت کیے تو آپؑ نے فرمایا۔

الالف الاء اللّٰہ علی خلقہ بولایتنا ولام لزومہ علی خلقہ بولایتنا والھاء ھوان لمن خلف آل محمدؐ.

الف سے آلاء ہے یعنی وہ نعمتیں جو اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو ہماری ولایت کی صورت میں عطا کی ہیں۔اور لام سے یہ مُراد ہے کہ اِس نے مخلوق پر (انسانوں پر نہیں) پوری مخلوق پر ہماری ولایت واجب نہیں لازم کردی کیونکہ واجب ساقط بھی ہوسکتا ہے لازم ساقط نہیں ہوتا۔اور ھا سے مراد ہے کہ جو بھی آلِ محمدؐ کی مخالفت کرے اللہؑ سے رُسوا کردیتا ہے۔

<u>قرآن سورہ البقرہ آیت نمبر 283۔</u>

ولا تکتموا الشھدۃ ومن یکتمھا فانہ اثم قلبہ واللّٰہ بما تعملون علیم .

ایک شہادت (جو کہ خاص ہے) کو مت چھپاؤ جو اس شہادت کو چھپائے گا وہ دل کا گنہگار ہوگا۔

قرآن سورہ بقرہ آیت نمبر 140۔

و من اظلم ممن کتم شهدة عنده من الله .

اس شخص سے بڑا ظالم (بہت بڑا ظالم) کون ہوسکتا ہے جو اُس شہادت کو چھپاتا ہے جو اللہ کی طرف سے ہے۔

نوٹ۔

اسلام میں کوئی انسان بھی شہادت توحید کو اور شہادت رسالت کو نہیں چُھپاتا وہ کون سی شہادت عظمیٰ ہے جسے لوگ چھپا رہے ہیں اور اللہ انہیں اظلم بہت بڑے ظالم کہہ رہا ہے۔

تفسیر صافی جلد 1 صفحہ 176۔

مقدمہ مراۃ الانوار تفسیر البرھان ہاشم البحرانی صفحہ نمبر 46۔

یکتما لهم شهاده الله لمحمد با النبوة و بعلی با لو صا یته ه.

یہ چھپائی جانے والی شہادت وصایۃ امیر المومنین علیہ السلام کے لیے ہے یہ چھپائی جانے والی شہادت یوم غدیر والی گواہی ہے۔

سورہ المنافقون آیات نمبر 1 تا 2۔

اذا جاءک المنفقون قالو ا نشهد انک لر سو ل الله و الله یعلم انک لر سو له ه و الله یشهد ا ن المنفقین لکذ بو ن ه اتخذ و ایما نهم جنته فصده

عن سبیل اللہ ہ انھم ساء ما کانو یعلمون ہ.

(اے میرے حبیبؐ) جب تیرے پاس منافقین آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ یقیناً تو اللہ کا رسولؐ ہے اور اللہ بھی اس کا علم رکھتا ہے کہ ضرور تو اُس کا رسولؐ ہے اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ یقیناً منافقین ضرور جھوٹے ہیں اپنی قسموں کے ذریعے سے لوگوں کو اللہ کی سبیل (امیر المومنین علیؑ) سے روکتے ہیں یقیناً وہ جو بھی عمل کرتے ہیں سب گناہ (بُرے) ہیں۔ گذارش ہے کہ

(1)۔ مشارق الانوار الیقین صفحہ 62 رجب البرسیؒ

عبداللہ ابن عمر نے رسول اللہ سے روایت کی ہے کہ

ان علیا من منزلہ روح من الجسد .

علیؑ کی منزلت میرے ساتھ ایسے ہے جیسے، روح کی جسد (جسم) کے ساتھ۔

(2)۔ سیرت النبی میں ڈاکٹر طفیل جلد ۹ اور الفقرہ من آقائی مظفری ایران میں ہے کہ۔

حدیثِ رسولؐ !

ان علیا منی بمنزلتہ راس من بدنی ہ .

حضورؐ فرماتے ہیں ! علیؑ کی منزلت میرے نزدیک ویسی ہے جیسے سر کی بدن سے۔ سر بدن سے جدا کیا جائے تو زندگی نہیں رہتی۔ علیؑ اور محمدؐ جدا کرنے سے بدن سے سر کیسے جدا کیا جا سکتا ہے کان نہ ہوں تو زندہ رہنا ممکن ہے آنکھ نہ ہو۔ ہاتھ نہ ہوں۔ پاؤں نہ ہوں تو زندگی باقی رہ سکتی ہے۔ مگر سر نہ رہے تو زندہ رہنا ممکن نہیں۔ اسی لئے فرمایا کہ کسی جگہ پر علیؑ کو مجھ سے جدا کرو گے چاہے تشہدِ نماز بھی ہو تو سمجھ لو کہ سر کو تن سے جدا کر رہے ہو اور دین کو قتل کر رہے ہو۔

سورہ تغابن آیت نمبر ۱۔

ء فامنوا با اللہ و رسولہ و النور للذی انزلنا ہ.

بس ایمان لاؤ اللہ پر اور اُس کے رسول پر اور اُس نور پر جو ہم نے نازل کیا۔

کتاب سیر الصلوٰۃ علامہ خمینیؒ صفحہ 68 اور کتاب احتجاج طبرسی جلد 1

من قال لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

فلیقل علیاً امیر المومنین ولی اللہ ہ .

تم میں سے جو کوئی جس وقت بھی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہے فوراً کہے (بغیر توقف کے کہے) علیؑ امیر المومنینؑ ولی اللہ۔

نتیجہ ماخوذ از صفحہ 1 تا 98۔

اللہ تعالیٰ نے ہمیں عقل عطا کی ہے دین میں تفکر اور تدبر حاصل کرنے کے لئے

سمجھ بوجھ کے لیے ذرا سوچو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب قرآن مجید کے بارے میں ارشاد فرمایا۔

ذالک الکتاب لا ریب فیہ ۔یہ وہ کتاب ہے جس میں کوئی شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے یہ بے عیب خالق کی بے عیب کتاب ہے اِس میں تدبر حاصل کرو اور

(1) جو قرآن سے حکم نہیں دیتا وہ کافر ہے۔

(2) جو قرآن سے حکم نہیں دیتا وہ فاسق ہے۔

(3) جو قرآن سے حکم نہیں دیتا وہ ظالم ہے۔

(4) ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے۔

(5) تفسیر نمونہ۔ ظالم وہ ہیں جن کے بارے میں بروز قیامت مؤذن (علیؑ)

اعلان کرے گا کہ **الا لعنتہ اللہ علی الذین کذ بو بولا یتی**

و استخفو ا بحقی .

(6) مسائل الشریعہ میں محمد حسین ڈھکو اور وسائل الشیعہ میں حُر عاملی فرماتے ہیں کہ

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا۔

(7) ہر نماز کے وقت جب یہ (منکر) لوگ پڑھتے ہیں تو (رحمت کی بجائے) اُن پر خدا

کی لعنت نازل ہوتی ہے اس لئے کہ یہ ہمارے حق کا انکار کرتے ہیں اور ہمیں جھٹلاتے ہیں۔

جو اللہ کی سبیل (ولایت امیر المومنینؑ) سے لوگوں کو روکے اُس کے اعمال جو بھی

کرتا ہے گناہ ہیں۔

(8) سورہ آل عمرانؑ ۔ وہ لوگ جو ایمان لانے کے بعد (یعنی ولایت علیؑ کی

گواہی) انکار کر دیتے ہیں اور صرف اشھد ان محمد الرسول اللہ کی گواہی دیتے ہیں وہ کافر ہیں

ظالم ہیں اللہ اُنہیں ہدایت نہیں کرے گا۔

(9) جو ایمان (ولایت علیؑ) کا انکار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کے سارے اعمال حبط کر

لیتا ہے اُس کا ٹھکانہ جہنم ہے۔

(10) اے میرے رسول "علیؑ" کا نام بلند آواز سے نہیں درمیانی آواز سے لے مگر علیؑ

سے نہ چھپا تا وقتیکہ مَیں تجھے اعلانیہ کہنے کا حکم نہ دوں۔

(11) اے میرے رسول "اب علیؑ" کا اعلان بھی کر اور عملاً بھی دکھا کہ جس کا تو مولا ہے

اُس کا علیؑ مولا ہے۔

(12) علیؑ کی ولایت کی گواہی جب رسولؐ نے قولاً اور فعلاً دونوں طرح سے دے دی تو اللہ تعالیٰ نے کہا آج میں نے دین اسلام کو مکمل کیا ہے اور میں تیرے دین سے راضی ہوا۔

(13) رسولؐ نے خوش ہو کر اعلان کیا کہ اللہ تعالیٰ میریؐ رسالت اور علیؑ کی ولایت کی وجہ سے آج دین اسلام پر راضی ہوا اور اُسے مکمل کرنے کا اعلان کیا۔

(14) امام صادق آلِ محمدؑ نے فرمایا کہ اللہ کے حکم نماز برائی اور بے حیائی سے روکتی ہے اور اللہ کا ذکر اس سے بھی بڑا ہے کے بارے فرمایا کہ نماز ہماری ولایت ہے اور فحش اور منکر ہمارے دُشمن کا نام ہے۔

(15) اللہ کے حکم اور میرا ذکر نماز سے بڑا ہے کہ بارے معصومؑ نے اصولِ کافی میں فرمایا کہ (نحن ذکر اللّٰہ و نحن اکبر) ہم ہیں اللہ کا ذکر اور ہم ہی بڑے (اکبر) ہیں۔

(16) اللہ نے سورہ معارج میں نمازیوں جنتی لوگوں کی نشانی یہ بتائی کہ جو شہادات (کم از کم تین یا اِس سے زیادہ گواہیاں) پر قائم ہیں۔

(17) اور جو لوگ اُس شہادت کو چھپاتے ہیں جو اللہ کی طرف سے ہے اِس کے باوجود کہ اللہ نے کم از کم 3 شہادتوں کا حکم دیا ہے۔ تین ولایتوں کا حکم دیا اور 3 اطاعتوں کا حکم دیا اللہ کی نظر میں بھی سب سے بڑے ظالم (یعنی اظلم) ہیں۔

(18) اللہ تعالیٰ نے مُنافقوں کی نشانی یہ بتائی کہ جو توحید اللہ اور اُس کے رسولؐ کی گواہی تو دیتے ہیں مگر اللہ کہتا ہے یہ منافق ہیں کیونکہ یہ لوگوں کو اللہ کی سبیل (ولایت علیؑ)

سے روکتے ہیں۔

میرے مومنین بھائیو خدا کے واسطے رسولؐ اور آلِ رسولؐ کے واسطے اپنی اُخروی زندگی کی کامیابی کے واسطے ان اٹھارہ عدد گذراشات کو بار بار پڑھو اور پھر فیصلہ کرو کہ اللہ کے قرآن میں شہادات کا ذکر ہے شہادتین کا پورے قرآن میں ذکر نہیں تو پھر تم بھی مولوی کے چکر سے باہر نکلو اور **اشھد ان علیا ولی اللہ** ۔کی شہادت دے کر فادخلو فی السلم کافہ کے تحت مکمل طور پر اس دین اسلام میں داخل ہو جاؤ جو دین مکمل ہی ولایتِ علیؑ کے اعلان سے ہوا۔

سگِ درِ بابِ مدینۃ العلم

ظہور اختر خان روکھڑی۔ایم۔اے

8 ذی الحج 1434 ہجری

(باب نمبر 2)

کُتب اربعہ اور شہادت ثالثہ

کُتب اربعہ میں من لا یحضرہ الفقیہ۔ تالیف الشیخ الصدوق ابی جعفر محمد بن علی ابن الحسین بن موسیٰ بن بابویہ القمی۔

جلد اوّل صفحہ نمبر 211 حدیث نمبر 938۔

و قال حلبی له اسمی الائمه فی الصلوٰة ؟ قال اجملهم .

اور حلبی نے ایک مرتبہ حضرت امام صادق علیہ السلام سے دریافت کیا کہ کیا ہم نماز میں آئمہ علیہم السلام کے نام لے سکتے ہیں آپؑ نے فرمایا ہاں اجملھم ذکر کرو۔

امام ششمؑ نے فرمایا۔" **اجملهم** " مختصراً لے سکتے ہیں یا **اجملهم** کا دوسرا معنی ہے خوبصورت کر کے لے سکتے ہو بڑے حُسن و جمال سے نام لے سکتے ہو نماز میں آئمہ طاہرین علیہم السلام کے۔

صفحہ نمبر 312 حدیث نمبر 1415۔

ابان بن عثمان نے حلبی سے روایت کی ہے کہ اس نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ کیا مَیں نماز میں آئمہ کا نام لوں آپؑ نے فرمایا ان سب کا اجمالی طور پر ذکر کرو۔

کتاب من لا یحضر الفقیہ تالیف شیخ صدوق "۔ جلد 1 صفحہ نمبر 202۔

بعد از تکبیر نماز شروع کرنے سے پہلے دُعائے توجہ پڑھو اس طرح

و جهت و جهی للذ ی فطر السموات و الا ر ض علیٰ ملتہ ابر اہیم و دین محمد و منہا ج علی حنیفا مسلما و ما انا من المشر کین ان صلاتی و نسکی و ما خیا یٰ و مما تی للّٰہ رب العا لمین لا شر یک لہ و بذا لک ا مر ت و ا نا من المسلمین ۔

مَیں نے اپنا رُخ موڑا اس ذات کی طرف جس نے آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کیا ہے ملتِ ابراہیم دینِ محمدؐ اور مَسلک علیؑ پر قائم رہتے ہوئے سیدھا مسلمان ہوں مَیں مشرکوں میں نہیں ہوں میری نماز میری عبادت میرا جینا میرا مَرنا تمام عالمین کے ربّ کے لئے ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور اُسی کا مجھے حکم دیا گیا ہے اور مَیں مسلمینؑ (تسلیم کرنے والوں) میں سے ہوں۔

کتاب من لا یحضر الفقیہ جلد اول صفحہ نمبر 221 حدیث نمبر 967۔

ا للھم ا نی اشھد ک و اشھد ملا ئکتک و انبیاء ک و ر سلک و جمیع خلقک انک (انت)اللّٰہ ربی و الا سلا م دینی و محمد نبی و علیا و الحسن وا لحسین و علی بن الحسین و محمد بن علی و جعفر بن محمد و مو سیٰ بن جعفر و علی بن

موسیٰ و محمد بن علی بن محمد والحسین بن علی و الحجته بن الحسن بن علی آئمتی بهم اتو لی و من اعدائهم ابراء .

ترجمہ سجدہ شکر۔ عبداللہ بن جندب نے حضرت موسیٰ بن جعفرؑ سے روایت کی ہے اس کا بیان ہے کہ وہ جناب سجدہ شکر میں یہ کہا کرتے تھے۔ اے اللہ میں تجھے گواہ کر کے کہتا ہوں اور تیرے ملائکہ اور تیرے انبیاء اور تیرے رسولوں اور تیری تمام مخلوق کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ بیشک تو ہی میرا ربّ ہے اور اسلام میرا دین ہے محمدؐ میرے نبیؐ ہیں اور حضرت علیؑ اور حسنؑ اور حسینؑ، علیؑ بن حسینؑ، محمد بن علیؑ، و جعفرؑ بن محمد موسیٰؑ بن جعفر، علیؑ بن موسیٰؑ و محمدؑ بن علیؑ، علیؑ بن محمدؑ و حسنؑ بن علیؑ والحجتہ بن حسنؑ بن علیؑ میرے آئمہ ہیں۔ میں ان سے محبت کرتا ہوں اور ان کے دشمنوں سے برات کا اظہار کرتا ہوں۔ پھر تین بار اللهم انی اتشهد ک د م المظلو م.

اے اللہ میں تجھے خونِ مظلوم کی قسم دیتا ہوں۔ سجدہ شکر میں علیؑ سے لیکر امام زمانہؑ تک جملہ آئمہ طاہرینؑ کے نام لینا آئمہ کی سنت ہے۔

(2)۔ کتاب مُستطاب الشافی کتاب الصلوٰۃ۔ ترجمہ۔ فروع کافی جلد2 صفحہ 101 تا 102 باب نمبر 29۔

۔علامہ فہامہ مولانا الشیخ محمد یعقوب کلینیؒ

عن منصور عن بکر بن حبیب قال قلت لابی جعفر علیه السلام ای شیء اقول فی التشهد وا

لقنوت : قال باحسن ما علمت فاءِ له لو کان مو قتا لھلک الناس.

ترجمہ: مَیں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا تشہد اور قنوت میں کیا پڑھا جائے فرمایا۔ جو سب سے اچھا جانو (اَحسن ذِکر) اگر معین ہوتا تو لوگ ہلاک ہو جاتے۔

کیا کائنات میں خدا اور رسول اللہ ؐ کے ذکر کے ساتھ علیؑ ولی اللہ سے اَحسن ذکر کوئی ہے سب سے اَحسن ذکر توحید و رسالت کے ساتھ علیؑ کا ہی ہے ناں۔

اور غور کرو وہ کون سا ذکر تھا جسکا اگر پابندی سے کرنے کا حکم دے دیا جاتا تو لوگوں کی ہلاکت کا ڈر تھا۔

<u>نمبر 2 فروع کافی جلد 2 صفحہ نمبر 87۔</u>

مَیں نے امام علیہ السلام سے دریافت کیا کہ سجدہ شکر میں کیا کہا جائے۔ فرمایا سجدہ میں کہو۔

اللھم انی اشھدک و اشھد ملائکتک و انبیاءک و رسلک و جمیع خلقک انک اللّٰہ ربی و الاسلام دینی و محمد بنبی و علیا و فلانا فلانا الی آخرھم آئمی بھم اتولیٰ و من عدو ھم البراء.

<u>ترجمہ</u> یا اللہ مَیں گواہ کرتا ہوں تجھ کو تیرے ملائکہ کو تیرے انبیاء و مرسلین کو اور تیری تمام مخلوق کو اے اللہ تو میرا رب ہے اسلام میرا دین ہے محمد ؐ میرے نبی ؐ ہیں علیؑ اور فلاں فلاں آخری امام تک یہ میرے امام ہیں مَیں ان سے محبت کرتا ہوں اور انکے دشمنوں سے بیزار

ہوں۔

(3) تہذیب الاحکام جلد 1 طبع ایران چھاپ اوّل

شیخ الطائفہ ابی جعفر محمد بن الحسن الطوسی قدس سرہ۔ صفحہ نمبر 163۔ کتاب الصلوٰۃ باب التکبیرات

قال ابی جعفرؑ ای شئے القول فی التشھد و القنوت قال قل باحسن ما عملت فانہ لو کان موقتا لھلک الناس.

ترجمہ۔ حضرت امام محمد باقرؑ نے فرمایا کہ تشہد اور قنوت میں وہ پڑھو جو سب سے اچھا جانو (احسن ذکر) اور اگر معین (مقرر) ہوتا تو لوگ ہلاک ہوجاتے۔

تہذیب الاحکام۔ جلد اول، صفحہ 165 شیخ طوسیؒ

سجدہ شکر میں کتاب الصلوٰۃ تکبیرات ابا عبداللہ علیہ السلام۔

قال قل فی کل صلوۃ فریضہ رضیت باللّٰہ و محمد نبیا و بالاسلام دینا و بالقرآن کتابا و بالکعبتہ قبلہ و بعلی ولیا و اماما و بالحسنؑ والحسینؑ والائمہ صلوٰاۃ اللّٰہ علیھم اللھم انی رضیت بھم آئمہ فارضنی لھم انک علی کل شی قدیر.

ترجمہ: ابا عبداللہ علیہ السلام نے فرمایا کہ تمام نمازوں میں (فرض نمازوں) پڑھو میں راضی ہوں کہ اللہ میرا رب ہے محمدؐ میرا نبی ہے اسلام میرا دین ہے قرآن کتاب ہے اور کعبہ قبلہ ہے اور علیؑ میرا ولی اور امام ہے اور حسنؑ و حسینؑ اور آئمہ طاہرینؑ علیہ السلام میرے امام اور آئمہ ہیں اے اللہ تو ان سے راضی ہو جن سے یہ راضی ہیں۔

(4)۔ کتاب الاستبصار ۔شیخ الطائفہ ابی جعفر محمد بن الحسن الطوسی جلد اول۔صفحہ 342۔

سئالت ابا جعفر علیه السلام عن التشد فقال: لو كان كما يقولون واجبا على الناس هلكوا.

حضرت امام محمد باقرؑ سے کسی نے سوال کیا کہ مولا تشہد نماز میں کیا پڑھنا واجب ہے۔کیا پڑھنا چاہیے۔مولا نے جواب میں فرمایا۔اگر تشہد میں اگرچہ جس طرح کہتے ہیں واجب کر دیا جائے تو لوگ ہلاک ہو جائیں گے۔

کتاب مستطاب الشافی اُصولِ کافی ۔مولانا الشیخ بن محمد یعقوب کلینی علیہ الرحمتہ۔

جلد 1 صفحہ نمبر 272 بات النوادر حدیث نمبر 4۔

عن ابی عبد الله عليه السلام فی قول الله عز وجل و الله الاسماء الحسنیٰ فادعوه بها قال نحن والله الاسما الحسنى التى لا يقبل الله من العباد عملاً الا بمعرفتنا ٥ .

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے آیہ و للہ الا سماءُ الحسنٰی کے متعلق فرمایا ہم ہیں اللہ کے اسماء الحسنٰی بغیر ہماری معرفت کے بندوں کا کوئی عمل قابلِ قبول نہ ہوگا۔

اُصول کافی

جلد اوّل صفحہ نمبر 273 باب النوادر حدیث نمبر 5

قال قال ابو عبد اللّٰہ علیہ السّلام ا ان خلقنا فا حسن خلقنا و صور رنا فا حسن صور رنا و جعلنا عینه فی عباد ہ و لسانه الناطق فی خلقه و یدہ المبسوطته علی عباد ہ با لرا فته و الرحمته و و جهه الذی یو تی منه و با به الذی یدل علیه و خزانه فی سمائه و ار ضه بنا اثمرت الاشجار و اینعت الثمار وجرت الا نهار و بنا ینزل غیث السماء و ینبت عشب الار ض و بعبا دتنا عبد اللّٰہ و لو لا نحن ما عبد اللّٰہ .

فرمایا: ابو عبداللہ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ نے ہم کو پیدا کیا اور بہترین صورت دی اور ہم کو اپنے بندوں میں اپنی آنکھ قرار دیا اور اپنی مخلوق پر لسان ناطق بنایا اور بندوں پر ہم کو دست کشادہ قرار دیا مہربانی اور رحمت کے لئے اپنا وجہ بنایا جس سے اس کیطرف توجہ کی جاتی ہے اور ہمیں اپنا دروازہ قرار دیا جس سے اس کی طرف پہنچنا ہوتا ہے ہم زمین و آسمان میں اس کے خزانہ ہیں ہماری وجہ سے درخت پھل لاتے ہیں ہماری وجہ سے پھل پکتے ہیں اور انہار جاری ہوتے ہیں اور ہماری وجہ سے بادل برستے ہیں اور زمین پر گھاس اگتی ہے ہماری عبادت کی وجہ سے خدا کی عبادت ہوئی اگر ہم نہ ہوتے تو اللہ کی عبادت نہ ہوتی۔

اُصول کافی جلداوّل صفحہ نمبر 275

قال سمعت ابا جعفر علیه السلام یقول بنا عبد اللّٰه و بنا عرف اللّٰه و بنا و حد للّٰه تبارک و تعالیٰ و محمد حجاب اللّٰه تبا رک و تعالیٰ .

فرمایا، امام محمد باقر علیہ السلام نے اللہ کی عبادت ہماری وجہ سے ہوئی۔ اللہ کی معرفت ہماری وجہ سے ہوئی۔ اللہ کی وحدانیت ہماری وجہ سے قائم ہوئی اور محمدؐ اللہ کے حجاب ہیں۔

صفحہ نمبر 274۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ

نحن حجته اللّٰه و نحن با ب اللّٰه و نحن لسا ن اللّٰه و نحن وجه اللّٰه و نحن عین اللّٰه فی خلقه و نحن و لاة امر ا للّٰه فی عبا د ه .

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا۔ ہم حجت اللہ ہیں ہم بابُ اللہ ہیں ہم لسان اللہ ہیں ہم وجہ اللہ ہیں ہم اُسکی مخلوق میں عین اللہ ہیں۔ ہم اُس کے بندوں میں اولی الامر ہیں۔

اُصول کافی جلد2 صفحہ نمبر 507

عن ابی جعفر علیه السلام قا ل !

ا و حی اللّٰه الی نبیه صلی اللّٰه علیه و آله وسلم فا ستمسک با لذ ی ا و حی الیک انک علی صرا ط مستقیم ہ ۔(سورہ الزخرف آیت ۴۳)

قا ل انک علی و لا یته علی و علی ھو الصراط المستقیم.

امام محمد باقرؑ نے فرمایا کہ آیہ "اے رسولؐ مضبوطی سے قائم رہو اُس پر جو تمہیں وحی کی گئی ہے کہ تم صراطِ مستقیم ہو"۔

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ خُدا نے فرمایا کہ "اے رسولؐ تم ولایت علی علیہ السلام پر قائم رہو اور علی علیہ السلام ہی صراطِ مستقیم ہے۔

اصول کافی جلد 2 صفحہ 510

امام محمد باقر علیہ السلام نے اللہ کے قول **فا قم و جھک للدٰ ین حنیفاً قا ل ھی الو لا یته ہ .**

آیہ اے رسولؐ دینِ حنیف پر ثابت قدم رہو کے متعلق امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا اس سے مُراد ولایت ہے۔

اُصول کافی جلد 2 صفحہ 512

عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قا ل سا لته عن تفسیر ھذہ الا یته ما سلککم فی سقر ہ قا لو لم نک من المصلین ہ.(سورہ المدثر، آیت ۴۳،۴۲)

قا ل عنی بھا لته نک من اتبا ع الا ئمته الذ ین .

حضرت ابوعبداللہ سے اس آیت کی تفسیر پوچھی راوی نے کہ (جنت والے دوزخ والوں سے پوچھیں گے) تمہیں دوزخ کی طرف کیا چیز لے آئی وہ کہیں گے ہم نماز گزار نہ تھے آپ نے فرمایا اس سے مُراد یہ ہے کہ ہم ان آئمہ کے پیرو نہ تھے جن کی شان میں یہ

آیت ہے۔

اُصول کافی جلد2 صفحہ 512تا513

عن ابی حمزہ قال سئالت ابا جعفر علیہ السلام عن قول اللّٰہ تعالی ہ قل انما اعظکم بواحدۃ ہ.

(سورہ السبا ۴۶) فقال انما اعظکم بولایتہ علی علیہ السلام (ھی الواحدۃ التی قال اللّٰہ تبارک و تعالیٰ ہ.

آیہ میں تم کو ایک کی نصیحت کرتا ہوں، کے متعلق امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا اِس ایک سے مراد ولایت علیؑ ہے۔

کُتب اربعہ اور شہادۃ الثالثہ ایک تجزیہ

(1)۔الشیخ طوسیؒ مصنف الاستبصار نے اپنی کتاب الفہرست

(2)۔ابن شہر آشوب نے اپنی کتاب "معالم" میں۔

(3)۔علامہ رازی نے اپنی کتاب "الذریعہ" میں۔

(4)۔علامہ بہائی کے والد بزرگوار شیخ حسین بن عبدالصمد نے اپنی کتاب "الدرایہ" کی یہ عبادت نقل کی ہے کہ واصولنا الخمستہ الکافی و مدینتہ العلم و من لا یحضرہ الفقیہ و التھذیب و الاستبصار.

ہمارے مذہب کی اصولی کتابیں پانچ ہیں۔

(1) کافی (2) مدینۃ العلم (3) من لایحضرہ الفقیہ

(4) تہذیب (5) الاستبصار

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اُن کے زمانے میں کتاب مدینۃ العلم موجود تھی۔ بعد میں ضائع ہوگئی۔

(5) علامہ باقر مجلسیؒ نے اس کی تلاش کے لئے زرِ کثیر خرچ کیا مگر کتاب نہ مل سکی۔

(6) کتاب الذریعہ میں ہے کہ سید محمد باقر جیلانی نے اس کتاب مدینۃ العلم کے حصول کے لئے بے دریغ رقم خرچ کی مگر کامیاب نہ ہوئے۔

(7) علامہ ابن طاہری علیہ الرحمہ نے اپنی کتاب فلاح السائل میں اور شیخ جمال الدین بن یوسف حاتم فقیہ شافعی نے اپنی کتابوں میں کتاب **مدینۃ العلم** سے کافی روایات نقل کی ہیں۔

نوٹ۔

مندرجہ بالا حقائق سے معلوم ہوتا ہے کہ مذہب شیعہ کی "کتب خمسہ" تھیں جس میں سے ایک کتاب مدینۃ العلم جو کہ الشیخ صدوق کی کتاب تھی اور من لا یحضرہ الفقیہ سے بڑی کتاب تھی ضائع ہوگئی۔

عِلاوہ ازیں ہمارے آئمہ اور بزرگ علماء کی ہزاروں تصانیف ضائع ہوگئیں جو شائع نہیں ہوسکیں مثلاً

(1) کتاب الذریعہ الی تصانیف الشیعہ میں آقائے بزرگ تہرانی نے لکھا کہ امام جعفر صادق علیہ السلام کے اصحاب نے 739 کتابیں لکھیں جن میں سے کوئی بھی ہمارے پاس نہیں ہے۔

(2) مندرجہ بالا کتاب میں بزرگ تہرانی مزید تحریر فرماتے ہیں کہ آبان بن تغلب نے 130,000 ایک لاکھ تیس ہزار احادیث بیان کیں۔

آلِ ایمن نے 160,000 ایک لاکھ ساٹھ ہزار احادیث بیان کیں۔

یونس بن عبدالرحمٰن نے کئی ہزار احادیث بیان کی ہیں۔

کیا وجہ تھی کہ یہ لاکھوں اَحادیث اور ہزاروں کتابیں ضائع کردی گئیں۔

علامہ آقائی محمد مہدی آصفی مقدمہ شرح لمعہ دمشقیہ میں لکھتے ہیں کہ آلِ محمدؑ کو جس سیاسی دباؤ سے گزرنا پڑا اور حکومت کے دباؤ کی وجہ سے فقہ کے راوی تشیع تہمت سے بچنے کے لئے آئمہ کو ملتے ہی نہیں تھے اور اگر امامؑ راستے میں مل جاتے تو راستہ تبدیل کر لیتے اور رات کو چھپ کر ملتے۔

ہمارے آئمہ علیہ السلام پر ایسا وقت بھی آیا کہ فقہی مسائل میں اختلاف کے باوجود چشم پوشی کرتے اور فقہی احکام آئمہ علیہ السلام خود چھپا لیتے اور پھر خلوت میں اصحاب کو بتا دیتے اور چھپانے کی علت بھی بتاتے فقہ اسلام میں تقیہ اس کا نام ہے۔

نتیجہ

کُتب اَربعہ میں امام محمد باقرؑ سے یہ روایت کہ اگر ہم تشہد تعین کر دیتے تو ہمارے ماننے والے ہلاک ہو جاتے اور ساتھ یہ فرمادیا کہ تشہد اور قنوت میں اَحسن ذکر کرو کیا یہی اشھد ان علیا ولی اللہ ۔کی گواہی تو نہیں اور وسائل الشیعہ میں سرکار حر عاملی نے لکھا کہ طریقہ اہل بیت علیہم السلام سے مروی احادیث کی کتابیں جو آئمہ علیہ السلام کے اصحاب نے لکھیں اُن کی تعداد (6600) تھی ۔اَب گن لیجئے کتنی آپ کے پاس ہیں اور باقی کہاں ہیں اور کیوں اور کس وجہ سے ضائع کردی گئیں ہیں غور کرنا آپ کا فریضہ ہے۔

(باب نمبر 3)

اَحادیث قدسی اور محمدؐ و آلِ محمدؐ کے فرمودات اور

وِلایت علیؑ اور آئمہ طاہرینؑ

حدیث قدسی

عــن الــرب العلی انه قال لا دخلن الجنته من اطاع

علیا و ان عصانی و لا دخلن النار من عصاه و اِن اطاعنی ٥.

ترجمہ: مَیں اُسے جنت میں داخل کروں گا جو علیؑ کا اطاعت گذار ہو میرا چاہے گنہگار ہی کیوں نہ ہو اور مَیں جہنم میں ڈالوں گا اُسکو جو میرا چاہے اطاعت گذار ہو لیکن علیؑ کا دُشمن ہو۔

حوالہ جات

(1) جواہر السینہ العلامہ الشیخ حُر عاملی صفحہ نمبر 524۔

(2) کوکب دُری۔ صالح محمد کشفی حنفی صفحہ نمبر 163۔

(3) کواکب مفیہ (کواکب مضیہ) محمد حسین ڈھکو سرگودھا صفحہ نمبر 480۔

(4) کشف الیقین علامہ حلی۔ صفحہ نمبر 08۔

(5) المشارق الانوار الیقین علامہ حافظ رجب البرسی حلی۔ صفحہ نمبر 153 اُردو، صفحہ نمبر 145 عربی۔

(6) انوار القران سید راحت حسین سہارنپوری۔

(7) تفسیر کشاف

(8) البرھان مقدمہ مراۃ الانوار در مشکوۃ الاسرار صفحہ 23۔

(9) اکمال الدین بولایۃ امیرالمومنینؑ ۔علامہ سید نثار عباس نقویؒ

(10) الطوبی۔سید ابومحمد نقوی صفحہ 83۔

(11) تفسیر حدی المتقین ۔سید ابومحمد نقوی

(12) اَمالی۔شیخ الصدوق مجلس 94 حدیث 10

(13) امامت وولایت۔علامہ الشیخ الصدوقؒ ،صفحہ نمبر 71

(14) کشف الاحکام۔علامہ باقر نثار زیدی کراچی

حدیث نمبر 2 :

کتاب مشکوٰۃ الانوار۔شیخ الاسلام علامہ محمد اسمٰعیل طبرسی صفحہ نمبر 203 ابوعبداللہ علیہ السلام نے فرمایا کہ ہمارے سارے شیعہ جنت میں جائیں گے خواہ وہ نیک ہوں یا بد لیکن جنت میں اُن کے درجات اعمال صالح کی وجہ سے ہوں گے۔

شیعہ کے معنی : جو علیؑ اور اولادِ علی علیہ السلام سے پیار کرے وہ شیعہ ہوتا ہے (لسان العرب+لغت+المنجد وغیرہ)

حدیث نمبر 3 :

امالی شیخ مفیدؒ،صفحہ نمبر 153 فرمان امام ششمؑ مولا جعفر صادق علیہ السلام نے میسر سے فرمایا۔

وہ لوگ جو عملِ صالح کرتے ہیں مگر ہمارا مقام نہیں پہچانتے جہنم میں ہونگے اور وہ لوگ جو ارتکاب گناہ کرتے ہیں۔مگر ہمارا مقام پہچانتے ہیں جنت میں ہوں گے۔

حدیث نمبر 4 :

امالی شیخ صدوقؒ صفحہ نمبر 223 حدیث قدسی۔حضرت امام رضا علیہ السلام نے

فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ میں کسی عمل کرنے والے کے عمل کو اس وقت تک قبول نہیں کرتا جب تک وہ میرے رسول احمد مجتبیٰ کی نبوت کے ساتھ ولایت (علیؑ) کا اقرار نہ کرے۔

حدیث نمبر 5 :

وسائل الشیعہ جلد اول صفحہ 10 نور الابصار صفحہ 103 ابن مسعود نے رسول اللہؐ سے روایت کی ہے کہ آل محمدؐ کی ایک دن کی محبت ایک سال کی عبادت سے بہتر ہے۔

حدیث نمبر 6 :

امالی شیخ مفید صفحہ نمبر 70+ تفسیر البرہان از علامہ ہاشم البحرانی جلد اوّل صفحہ نمبر 279 امالی الشیخ طوسی صفحہ 367۔

والذی نفس محمد بیدہ لو ان احدھم وافی بعمل سبعین نبیا یوم القیامہ ما قبل اللہ منہ حتی یوافی بولایتی و ولایتہ علی بن ابی طالبؑ.

اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں محمدؐ کی جان ہے اگر کوئی شخص قیامت کے دن ستر (70) نبیوں کے عملوں (ثواب) کے ساتھ آئے تو خدا اس کے عملوں کو کبھی قبول نہیں کرے گا اگر وہ میرے ساتھ علی علیہ السلام کی ولایت کو نہ مانتا ہو۔

مومن کا گناہ منافق کی نیکی سے بہتر ہے

حدیث نمبر 7۔

کتاب۔احتجاج ،تالیف شیخ جلیل ابو منصور احمد بن علی بن ابی طالبؑ طبرسی ،جلداول صفحہ نمبر 334۔طبع تہران،ایران (عربی) فارسی

فاذا قال احدکم لا الہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ فلیقل علی امیر المومنین ٥ .

ترجمہ:۔ صفحہ نمبر 334 فارسی۔پس ھرکدام ازشما کہ می گوید ! لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ بلا فاصلہ بگوید علی امیر المومنین ٥

ترجمہ اُردو۔

امام جعفر صادقؑ نے فرمایا۔تم میں سے جب بھی کوئی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہے اُس پر واجب ہے (وہ فوراً بغیر توقف کے) وہ فوراً علیؑ امیر المومنینؑ بھی کہے۔

علاوہ ازیں درج بالا حدیث بحار الانوار،اور القطرہ من بحار مناقب النبی والعترۃ آیت اللہ سید احمد مستنبط میں بھی موجود ہے۔

اَب گذارش یہ ہے کہ قرآن کی آیت **اطیعو اللّٰہ و اطیعو الرسول و اولی الامر منکم اور انما ولیکم اللّٰہ ---- راکعون ۔**

اور **وھم شھادتھم قائمون** کے تحت مندرجہ بالا فرمان معصوم فرمانِ امام جعفر صادقؑ کے مطابق جہاں بھی **لا الہ الا اللّٰہ محمد رسول** یا **اشھد ان لا الہ الا اللّٰہ و اشھد ان محمد الرسول ا**

لـلّٰه آئے گا چاہے وہ کلمہ ہو چاہے اذان چاہے اقامت ہو چاہے تشہد نماز ہر جگہ ہر وقت ا

شهد ان علیاً ولی اللّٰه۔ (علیؑ کا ذکر) ساتھ آنا واجب ہے۔

<u>حدیث نمبر 8 :</u>

القطرہ سید احمد مستنبط جلد اوّل صفحہ 333 بحار الانوار جلد 39 حدیث 2547 امالی شیخ صدوق جلد 2 صفحہ 645 مجلس چورانوے۔

عــن ابن عباس قا ل قا ل ر سـو ل اللّٰه قا ل اللّٰه جل جلا له لوا جتعمع النا س کلهم علی وِلا یت علی ما خلقت النار ہ.

ابن عباس سے روایت ہے کہ رسولِ خُداؐ نے فرمایا۔ اللہ نے فرمایا اگر تم لوگ علی علیہ السلام کی ولایت پر جمع ہو جاتے تو مَیں دوزخ (جہنم) کو خلق ہی نہ کرتا۔

وجہ یہ ہے کہ کتاب القطرہ من بحار مناقب النبی والعترۃ جلد اوّل صفحہ نمبر 334 اُردو ایڈیشن پر ہے کہ خوارزمی انس بن مالک سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے فرمایا۔

حـُـب عـلـی ا بـن ا بـی طـا لب حسـنته لا تضر معها سیئته و بغضه سئته لا تنـفـع معها حسـنـته ہ.

مناقب خوارزمی: 75 حدیث 54 مصباح الانوار صفحہ 127 ینابیع المودۃ صفحہ 91

علیؑ ابن ابی طالبؑ کی محبت ایسی نیکی ہے کہ اس کی موجودگی میں کوئی گناہ نقصان نہیں پہنچا سکتا اور اس کی دُشمنی ایسی بدی ہے اور گناہ ہے جس کی موجودگی میں کوئی نیکی فائدہ نہیں دے سکتی۔

اَب درج بالا 2 حدیثوں سے یہ بات عیاں ہے کہ جہنم، دوزخ، صرف اور صرف مخالفانِ ولایت علیؑ منکران ولایت علیؑ ہی کے لئے بنائی گئی ہے اگر تمام اللہ تعالیٰ کی مخلوق

ولایت علیؑ پر جمع ہو جاتی تو اللہ تعالیٰ جہنم کو بناتا ہی نہیں۔

اَب جہاں تک قرآن میں **فویل للمصلین** کی آیت ہے تو اِس سے یقیناً وہی نمازی مراد ہونگے جو امیرالمومنین علی بن ابی طالبؑ کی وِلایت کا اِقرار نہیں کرتے کیونکہ علیؑ کی ولایت کے ساتھ تو گناہ نقصان دے بھی نہیں سکتے تو پھر غفلت یا کمزوری کیسی۔

<u>حدیث نمبر 9 :</u>

تفسیر عیاشی جلد اوّل صفحہ نمبر 245.246 حدیث نمبر 149

تفسیر الصافی جلد دوم محمد بن مرتضٰی المعروف مُلا فیض کاشانی صفحہ نمبر 300 تا 301

ان اللّٰہ لا یغفر ان یشرک بہ و یغفر ما دون ذلک لمن یشاء .

اللہ اس بات کو معاف نہیں کرتا کہ کسی کو اس کا شریک قرار دیا جائے۔ لیکن اِس کے سوا دوسرے گناہوں کو اے علیؑ تمہارے شیعوں اور محبوں میں سے جسے چاہے معاف کر دے گا۔

امیرالمومنین علیہ السلام نے فرمایا مَیں نے کہا یا رسول اللہؐ کیا یہ ہمارے شیعوں کے لئے ہے تو آپؐ نے فرمایا۔

ای و ربی انہ لشیعتک ۔میرے ربّ کی قسم یہ تمہارے شیعوں کے لئے ہے۔ (من لا یحضرہ الفقیہ جلد چہارم، صفحہ 295 حدیث نمبر 892)

تفسیر عیاشی میں اَمام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ **ان اللّٰہ لا یغفر ان یشرک بہ** ۔کا مفہوم ہے کہ اللہ تعالیٰ اُس شخص کو معاف نہیں کرے گا۔ جو ولایتِ علیؑ کا اِنکار کرے گا۔ **و یغفر ما دون ذالک لمن یشاء** ن۔کا مفہوم ہے کہ جو

شخص علیؑ سے محبت کرے گا اُس کے تمام گناہ معاف کر دے گا۔ کتاب التوحید علامہ الشیخ الصدوق صفحہ نمبر 409 حدیث نمبر 9 پر ہے کہ امیر المومنینؑ (علیؑ) سے روایت ہے کہ قرآن کی آیتوں میں سب سے پسندیدہ مجھے یہ آیت لگتی ہے۔

ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ و یغفر ما دون ذالک لمن یشاء.

حدیث نمبر 10:۔

کامل الزیارات۔ تالیف ابوالقاسم جعفر بن محمد بن جعفر بن موسیٰ بن قولویہ القمی متوفی 368ھ۔ صفحہ نمبر 242..241 فرمانِ حضرت امام ابوعبداللہ مسمع بن عبدالمطلب نے روایت کی ہے کہ

"کوثر پر امیر المومنینؑ ہوں گے اُن کے ہاتھ میں عوسج کا عصا ہو گا جس سے وہ ہمارے دُشمنوں کو وہاں سے دُور کریں گے اُن میں سے ایک شخص کہے گا۔ (انی اشہد الشہادتین) میں تو دونوں شہادتیں (یعنی توحید اور نبوت کی شہادت) دیتا ہوں تو آپؑ کہیں گے اپنے امام کے پاس جاؤ اور اُس سے کہو کہ وہ تمہاری شفاعت کرے تو وہ کہے گا میرا امام جس کا آپؑ ذکر کر رہے ہیں مجھ سے بیزار ہو گیا ہے تو آپؑ اُسے حُکم دیں گے کہ دور ہٹ جا اور جس کو تم نے دُنیا میں اپنا پیشوا بنا رکھا اور جس سے تم دوستی کرتے رہے اُسی سے مانگو اگر وہ تمہارے نزدیک تمام مخلوق میں بہتر تھا تو اَب بھی اُسی سے کہو کہ وہ یہاں تمہاری شفاعت کرے کیونکہ سب سے بہتر تو وہ ہے جس کے پاس شفاعت ہے وہ کہے گا کہ مَیں پیاس سے ہلاک ہو رہا ہوں آپؑ اُسے فرمائیں گے کہ اللہ تیری پیاس کو اور زیادہ کرے (مسمع کا بیان ہے)

مَیں نے عرض کیا مَیں آپؑ پر قربان جاؤں وہ حوضِ کوثر کے قریب کیسے چلا جائے گا ؟ حالانکہ کوئی بھی اس پر قادر نہیں ہوگا آپؑ نے فرمایا۔

وہ دُنیا میں بری چیزوں سے پرہیز کرتا رہا اور جب ہم اہلِ بیتؑ کا ذکر کرتا تو ہمیں برا کہنے سے بھی باز رہتا اور کئی ایسی چیزوں کو اُس نے ترک کیے رکھا جن پر دوسرے لوگ جرأت کر لیتے تھے مگر یہ ہماری محبت کی وجہ سے اور ہمیں چاہنے کی وجہ سے اس طرح نہیں کرتا تھا۔ بلکہ اپنی عبادت میں زیادتی اور تدین کی وجہ سے اِس طرح کرتا تھا تو جب وہ اس طرح اپنے آپکو مشغول رکھتا تو لوگوں کو اچھائی یا بُرائی سے یاد کرنے کی اُسے فرصت ہی نہ ہوتی مگر اُس کا دِل منافق تھا۔ اور اُس کا دین ناصبی تھا۔ وہ ماضی کے خلفاء کا دوست اور ان دو کو سب پر مقدم رکھتا تھا۔

قولِ مترجم صفحہ نمبر 242 علامہ سید اقرار حسینؒ زیدی۔

کوئی بھی معقول انسان اس حدیث کو پڑھ کر سوچ سکتا ہے کہ "شہادتین" پر اکتفا کرنے والے وہی لوگ ہوں گے جو باطل اماموں کے پیروکار ہوں گے جن کے دل میں محبت اہلِ بیتؑ نہیں ہوگی لیکن وہ اپنی عبادت میں شدید مشقت کریں گے اور اسی کو اپنے لئے باعث نجات سمجھیں گے ایسے شخص کو امامؑ نے ناصبی کہا ہے اور یہ وہ شخص ہے جو حوض تک پہنچ تو جائے گا لیکن اُسے وہاں آبِ کوثر پینا نصیب نہیں ہوگا اور اُسے وہاں سے دھکیل دیا جائے گا۔

مومنین اِس حدیث پر سنجیدگی سے غور کریں۔

<u>حدیث نمبر 11:۔</u>

درج بالا کتاب کامل الزیارات کے صفحہ نمبر 592 پر حضرت سیدہ زینبؑ سلام علیھا سے روایت موجود ہے کہ۔

سیدہ زینبؑ سلام اللہ علیہا نے فرمایا۔

جب ابنِ ملجم ملعون نے میرے باباؑ کو ضرب لگائی میں نے ان پر شہادت کے آثار دیکھے تو میں نے کہا اے بابا جان! مجھے اُمِ ایمن نے فلاں فلاں حدیث بیان کی اور میں چاہتی تھی کہ آپؑ کی زبانی سنوں آپؑ نے فرمایا بیٹی زینبؑ حدیث بالکل اِس طرح ہے جس طرح اُمِ ایمن نے تمہیں بتائی ہے گویا کہ میں دیکھ رہا ہوں تم اہلِ بیتؑ کی دوسری مستورات کے ساتھ اِس شہر میں قیدی بن کر آئی ہو اور تمہیں بے پردہ بازاروں میں پھرایا جا رہا ہے اور یہ ظالم اُمت نبیؐ کے اہل حرم کو رُسوا اور ذلیل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

اے میریؑ بیٹی ! اِس موقع پر صبر کرنا اس ذات کی قسم جس نے دانہ کو شگافتہ کیا اور رُوح کو پیدا کیا اس دن تمہارے بغیر اور تمہارے محبوں اور شیعوں کے بغیر زمین پر کوئی بھی اللہ کا ولی نہ ہوگا اور ہمیں رسول اللہؐ نے یہ خبر بتائی تو فرمایا۔

اِبلیس لعین اس دن خوشی سے اُونچا اُڑے گا اور اور اپنے شیطانوں اور عفریتوں کے ساتھ ساری زمین میں گھومے گا اور کہے گا اے شیاطین کی جماعت ہم نے اولادِ آدمؑ سے اپنی فرمائش پوری کروالی اور آخر کار ہم نے ان کی ہلاکت کا مقصد پورا کر لیا اور ان کو ہلاکت کی انتہا تک پہنچا دیا اور ہم نے ان کو آگ کا وارث بنا دیا اَب تم اپنا یہ مشغلہ بنالو کہ لوگوں کو شک میں ڈالو اور لوگوں کو آلِ محمدؐ کی عداوت پر آمادہ کرو اور ان کے خلاف بھڑکاؤ اور ان کے دوستوں پر بھی شک سے حملہ کرو یہاں تک کہ تم مخلوق کی گمراہی اور کفر کو مضبوط کر لو اور ان میں سے کوئی بھی نجات نہ پا سکے۔

(پھر امیر المومنینؑ نے فرمایا)

ابلیس نے سچ کہا حالانکہ وہ جھوٹا ہے۔

کہ آلِ محمدؐ سے دُشمنی رکھ کہ کوئی عملِ صالح فائدہ نہیں پہنچاتا اور ان سے مودت

